

یا حفیظ یا سلام

کے کرشمات

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ
پی ایچ ڈی (امریکہ)

نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ نمبر
1	اللہ نے خوفناک حادثے سے بچالیا	8
2	اب موٹر سائیکل پنکچر نہیں ہوتی	8
3	گاڑی Heatup ہونے کے باوجود لاہور پہنچ گئے	8
4	ہر مسئلے میں یاحفیظ پڑھا تو مسئلہ حل ہوگیا	9
5	بارش وہیں پر رک گئی	9
6	بارش میں بھیگنے سے بچ گئے	9
7	خراب ڈمر 20 دن بعد چل پڑا	10
8	گاڑی تباہ ہوگئی مگر ہمیں خراش تک نہ آئی	10
9	تسبیح کاؤنٹر کو کچھ بھی نہیں ہوا	11
10	تیز رفتار ٹرالہ کیساتھ ٹکر سے بچالیا	11
11	یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھنے سے چالان نہیں ہوا	11
12	یاحَفِیظُ یاسَلَامُ سے پرس کی حفاظت	12
13	5 گھنٹے تک موٹر سائیکل کی حفاظت	12
14	اللہ کے نام کی برکت سے بچی کو کچھ نہیں ہوا	13
15	محکمہ ایکسائز کے اہلکار نے گاڑی چھوڑ دی	13
16	اللہ تعالیٰ نے حرام کھانے سے حفاظت فرمائی	14
17	اللہ تعالیٰ نے ہر جگہ پریشانی سے بچایا	15
18	پرندے دانہ کھانے آتے ہیں	15
19	چیزوں کے نقصان سے حفاظت	16
20	اعمال کا ہدیہ کبھی ضائع نہیں ہوتا	16
21	50 ہزار کا نقصان ہونے سے بچ گیا	16
22	جوتا چوری ہونے سے حفاظت	17

23	گاڑی کے نیچے پاؤں آنے سے تکلیف نہیں ہوئی	18
24	پنکچر موٹر سائیکل پر 11 کلو میٹر کا سفر	18
25	ڈاکوؤں کو نظر نہیں آیا	18
26	صرف 11 بار پڑھنے سے ہر مشکل سلجھ جاتی ہے	19
27	خوفناک چیزوں سے حفاظت	19
28	بار بار غسل کی حاجت سے چھٹکارا	20
29	بارش کے دوران سامان بھیگنے سے بچت	20
30	خاتون کو ڈر اور خوف سے نجات	20
31	یاحَفِیظُ یاسَلَامُ کے دم سے معدہ ٹھیک	21
32	2 فرشتے گھر کی حفاظت پر مامور	21
33	بھرے بازار میں سامان کی حفاظت	22
34	موٹر سائیکل سٹارٹ ہوگئی	22
35	عمل کے بغیر جنریٹر سٹارٹ نہیں ہوتا	22
36	گم ہونیوالی جیکٹ اگلے دن مل گئی	23
37	ایکسیڈنٹ کے دوران غیبی حفاظت	23
38	سڑک پر گرنیوالے موبائل اور پیسے محفوظ رہے	24
39	ایکسیڈنٹ میں ذرا بھی خراش تک نہ آئی	24
40	یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھنے سے رش ختم ہوگیا	25
41	اولاد کی تربیت اور حفاظت	25
42	برفباری میں پھسلن سے حفاظت	26
43	کمزور طالبعلم کے امتحان میں 75 فیصد نمبر	26
44	اعمال بھولنے سے سفر میں مشکلات	27
45	حادثے میں ہڈیاں ٹوٹنے سے بچت	27
46	گاڑی کا شیشہ صحیح سلامت ملا	28

47	کنڈیکٹر گاڑی کے نیچے آنے سے بچ گیا	28
48	یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھنے سے بچے کو گیند واپس مل گئے	29
49	بیہوش خاتون خود ہی اٹھ کر چل پڑی	29
50	خوفناک حادثے سے حفاظت	30
51	ڈینگی کا مریض بچ گیا	30
52	سب امراض سے اللہ پاک نے شفاء دیدی	31
53	لاری اڈے پر بھولے ہوئے سامان کی حفاظت	31
54	کئی سالوں کے مقدمات کا فیصلہ	32
55	پنکچر موٹر سائیکل ٹھیک ہوگئی	32
56	خطرناک ایکسیڈنٹ میں اہلیہ کی حفاظت	32
57	دوسروں کی نسبت پانی میں سے گزر گیا	33
58	بچہ چھت سے گرنے سے بچ گیا	33
59	یاحَفِیظُ کی برکت سے حادثے سے حفاظت ہوئی	33
60	گمشدہ موبائل خود بخود آ کر دیدیا	34
61	ہر قسم کے شر اور حادثے سے حفاظت	35
62	11 ہزار KV کا کرنٹ لگنے سے حفاظت	35
63	ایکسیڈنٹ ہونے سے بال بال بچا	35
64	130 کی سپیڈ پر گاڑی کا ٹائر پھٹنے پر حفاظت	36
65	جوتے میں کانچ کا ٹکڑا گھسنے سے کچھ نہ ہوا	36
66	اکثر ایکسیڈنٹ میں مجھے کچھ نہیں ہوتا	37
67	حادثے میں غیبی مدد نے سنبھالا دیا	37
68	خراب سٹارٹر چند ہی سیکنڈ میں چل پڑا	37
69	غیر قانونی مقیم شخص کی دبئی پولیس سے خلاصی	38
70	2 موٹر سائیکلیں ٹکرانے کے دوران نقصان سے حفاظت	38

71	مشین کی گمشدہ ڈائی 2 دن بعد ہاتھ میں آ گئی	39
72	کئی بار کے ایکسیڈنٹ میں حفاظت	39
73	ہر قسم کے شر سے اللہ کی پناہ	39
74	چوروں، ڈاکوؤں اور حادثات سے حفاظت	40
75	حادثے کے دوران کسی کو کچھ نہیں ہوا	40
76	ڈاکوؤں کے وار اور چنگل سے نکل گیا	40
77	خراب ٹائروں والی گاڑی پر دور دراز کا سفر	41
78	گمشدہ پیسے واپس مل گئے	41
79	یا حفیظ یا سلام سے کیش پورا نکلنے لگا	42
80	مال سپلائی کرنے کیلئے کنٹینز اور ٹریلر مل گئے	42
81	ایکسیڈنٹ میں دونوں بھائیوں کو خراش تک نہ آئی	43
82	مسافر گاڑی حادثے سے بچ گئی	43
83	پہیے میں برقعہ آنے پر ایکسیڈنٹ سے حفاظت	43
84	موٹر سائیکل اور گاڑی کے حادثہ میں حفاظت	44
85	ہر عمل کا واقعی فائدہ ہوتا ہے---!	44
86	لڑائی جھگڑے ختم ہو گئے	45
87	حادثے میں ماں اور بیٹوں کو خراش تک نہ آئی	45
88	ایکسیڈنٹ میں حفاظت سے لوگ حیران	46
89	گاڑی ٹوٹ پھوٹ گئی، ہمیں خراش تک نہ آئی	46
90	حادثے میں اکیلا شخص ہی محفوظ رہا	47
91	مختلف حادثات میں حفاظت	48
92	سانپ بچھو کے کاٹنے اور ڈاکوؤں سے حفاظت	49
93	کام کے دوران اب مزدور زخمی نہیں ہوتے	50
94	اب ٹرالیوں پر اوور لوڈنگ سے چالان نہیں ہوتا	50

95	12 گھنٹوں کے پیسے 6 گھنٹے میں کما لیتا ہوں	51
96	ڈائی کٹنگ مشین میں ہاتھ کٹنے سے حفاظت	52
97	تیز رفتار ویگن کی ٹکر لگنے کے باوجود حفاظت	52
98	چار ماہ میں تین ڈاکے پڑنے والی دکان کی حفاظت	53
99	ہفتے میں چار بار ایکسیڈنٹ سے چھٹکارا	53
100	خوفناک آگ میں حفاظت	54
101	مسنون عمل سے اللہ کی حفاظت	55
102	ایکسیڈنٹ میں گرنے سے بچ گیا	56
103	ماں بیٹے کی ایکسیڈنٹ میں حفاظت	56
104	ٹرالے کے ساتھ ٹکر سے بچت	57
105	رش والی جگہ سے بآسانی راستہ مل جاتا ہے	57
106	گاڑی کیساتھ ایکسڈنٹ سے محفوظ رہا	58
107	سگنل توڑنے پر ٹریفک اہلکار نے نظر انداز کر دیا	58
108	گرتا ہوا بچہ جالیوں کیساتھ لٹک کر بچ گیا	59
109	بدترین جام ٹریفک میں راستہ مل جاتا ہے	59
110	لوٹ مار کے دوران گھر والوں کی حفاظت	60
111	اس عمل کے بغیر گزارا نہیں	60

(اہم بات)

حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ الفاظ، آیات میں کوئی غلطی نہ ہو، لیکن پھر بھی ہم ہر پل اپنے آپ کو قابل اصلاح سمجھتے ہیں۔ آپ کی تحقیقی نظر کہیں بھی کوئی غلطی یا قابل اصلاح پہلو کی طرف جائے اطلاع کیجیے، شکر گزار رہیں گے۔

حال دل

جس معاشرے میں ہم رہتے ہیں وہ معاشرہ چوری' چھینا جھپٹی' ڈاکے اور مسلسل جرائم میں آگے سے آگے بڑھ رہا ہے۔ میرے پاس بہت سے لٹے پٹے لوگ آتے ہیں اور آکر اپنی کہانیاں سناتے ہیں انہی میں سے ایک صاحب بتانے لگے کہ میں صبح اپنی اہلیہ کیلئے ساتھ ناشتہ لینے کیلئے گیا اور نہاری کی دکان کے باہر میں نے گاڑی کھڑی کی اہلیہ گاڑی میں بیٹھی تھی ایک صاحب آئے اور گن پوائنٹ پر اہلیہ کی چوڑیاں اور پرس چھین کر لے گئے۔ ایک عمر رسیدہ خاتون جن کے ہاتھ اور بازو پر پٹی بندھی ہوئی تھی کہنے لگیں میں بھرے بازار میں دن کے گیارہ بجے جارہی تھی ایک موٹر سائیکل سوار آیا اس نے میرے کندھے پر لٹکا ہوا پرس چھینا جس کی وجہ سے میں گھسٹتی ہوئی سڑک پر گر گئی پرس میرے بازو میں اٹک گیا اور وہ ڈاکو پرس نہ چھین سکا لیکن میں شدید زخمی ہوگئی۔

ایک خاتون بتانے لگی میں ویگن میں سفر کررہی تھی مجھے پتہ ہی نہ چلا کہ میرے ہاتھ سے دو چوڑیاں کسی نے اتار لیں۔ ایک صاحب نے اپنا واقعہ سنایا کہ میں ویگن میں سفر کررہا تھا جیب سے موبائل اور پرس کسی نے نکال لیا ایک اور انوکھا کیس سامنے آیا کہ وہ فجر کی نماز کیلئے گھر سے نکلے ڈاکو گیٹ سے باہر پہلے سے انتظار میں تھے ان کا منہ بند کرکے گھسیٹتے ہوئے اندر لے گئے اور تمام گھر والوں کو باتھ روم میں بند کردیا اور سارے گھر کی چابیاں لیکر گھر کا سارا قیمتی سامان لوٹ کر چلے گئے۔ ایک لیڈی ہیلتھ ورکر اپنے معذور شوہر کے ساتھ میرے پاس آئیں کہ مریض بن کر دو خواتین اور تین مرد ہمارے گھر میں آئے اور انہوں نے گھر کے ایک کمرے میں سب کو بند کیا' میرے شوہر نے احتجاج کیا تو اس کو گولی ماردی اور وہ شدید زخمی ہوگئے اور سارا گھر لوٹ کر چلے گئے۔

موصوف سکول ٹیچر تھے اور میرے جاننے والے تھے تقریباً بارہ سال بستر علالت پر پڑے رہے ابھی چند ماہ پہلے فوت ہو گئے۔ بعض محلے اور علاقوں میں ایسے افراد اپنا مافیا بنالیتے ہیں جو ہر گھر میں ایک چٹ بھیج دیتے ہیں کہ اتنی رقم فلاں وقت فلاں دن فلاں جگہ پہنچا دو ورنہ تمہارے گھر پر فائرنگ کر دی جائے گی اور اگر رقم نہیں پہنچائی جاتی تو واقعی لوگوں کو قتل کر دیا جاتا ہے۔ میرے والد صاحب رحمہ اللہ کے ایک دوست مجھے بہت غمزدہ ملے کہنے لگے میرا بیٹا بس سٹینڈ پر بس کا انتظار کر رہا تھا کچھ لوگ آئے اپنائیت اور تعلق ظاہر کیا ہم اپنی گاڑی پر چھوڑ دیتے ہیں اور اسے اغواء کرلیا پانچ لاکھ کا مطالبہ کیا بڑی مشکل سے پونے پانچ لاکھ دیکر دو مہینوں کے بعد ہڈیوں کا ڈھانچہ بیٹا واپس آیا۔ پچھلے دنوں فون کیا کہ میرے دوست ڈاکٹر صاحب کو کچھ لوگوں نے اغوا کرلیا ہے 32 کروڑ کی رقم کا مطالبہ کرتے ہیں بہت پریشان تھے لیکن تھوڑے ہی دنوں کے بعد پتا چلا کہ ڈاکٹر صاحب کو قتل کر کے ان کی لاش انہوں نے گھر کے باہر پھینک دی ہے۔

قارئین! یہ ایک نہیں ایسے بے شمار واقعات میری زندگی میں آتے ہیں نتیجہ آخر یہی نکلتا ہے کہ قرآن اور حدیث کے مسنون اعمال میں ہی ہماری حفاظت ہے اس کیلئے چند عمل دیتا ہوں: گھر سے نکلتے ہوئے یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ گیارہ مرتبہ ضرور پڑھیں اور سارا دن اعمال یعنی قرآنی آیات یا کوئی مسنون دعا کا ذکر کریں۔ اس کے علاوہ کوئی نجات کا راستہ نہیں اور جو اذکار میں نے آپ کو بتائے ہیں ایک نہیں لاکھوں کے آزمودہ ہیں اور ان میں واقعی حفاظت ہے' کفایت ہے' کفالت ہے تحفظ اور امن ہے اور یہ کتاب بہت سے لوگوں کے مشاہدات پر مبنی ہے۔ میری طرف سے آپ سب کو اجازت ہے۔ آپ اس عمل کو آگے بھی پھیلا سکتے ہیں۔

خواستگار اخلاص و عمل

حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ

اللہ نے خوفناک حادثے سے بچالیا

السلام علیکم! میں اپنی موٹر سائیکل پر 40,50 کی سپیڈ سے گڑھی شاہو پل سے گزر رہا تھا کہ اچانک میری موٹر سائیکل کا مڈگارڈ آگے آگیا جس سے بریک لگ گئی اور وہ جام ہوگیا۔ پیچھے سے موٹر سائیکل اوپر اٹھ گئی لیکن مجھے پتہ نہیں چلا کہ میں کیسے بچ گیا۔ لوگوں نے آکر مجھ سے پوچھا کہ آپ کو چوٹ تو نہیں لگی؟ میں خود حیران تھا لیکن اتنا مجھے یاد آرہا تھا کہ میں نے گھر سے نکلتے ہوئے 11 مرتبہ یَـاحَفِیْظُ یَـاسَلَامُ مع اول وآخر ایک بار درود شریف پڑھا تھا۔ جب میں موٹر سائیکل اس حالت میں لے کر گھر آیا تو میرے محلے دار بھی حیران ہوئے اور کہنے لگے کہ ایسی صورت میں تو بہت زیادہ چوٹیں لگتی ہیں بندہ خود چل کر گھر نہیں آتا بلکہ لوگ اسے زخمی حالت میں اٹھا کر لاتے ہیں؟ تم تو بالکل ٹھیک ہو۔ میں نے انہیں بتایا کہ میں نے جاتے وقت یہ عمل کیا تھا اور اس طرح اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت سے میں بچ گیا۔ اللہ پاک ہم سب کو اعمال کی توفیق دے۔ آمین!

(انعام اللہ صاحب، لاہور)

اب موٹر سائیکل پنکچر نہیں ہوتی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت صاحب دامت برکاتہم نے ایک مرتبہ درس میں گھر سے نکلنے کی مسنون دعا ''بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه'' بتائی تھی۔ میں ہر بار گھر سے نکلتے وقت 3 بار یہ دعا اور 11 بار یَـاحَفِیْظُ یَـاسَلَامُ اہتمام سے پڑھتا ہوں۔ جب سے یہ پڑھنا شروع کی ہے اس کی برکت سے کبھی میری موٹر سائیکل پنکچر نہیں ہوتی حالانکہ پہلے ہر ہفتے دس دن بعد یہ معاملہ ہوتا رہتا تھا۔ **(حماد صاحب)**

گاڑی Heatup ہونے کے باوجود لاہور پہنچ گئے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

میری روٹین ہے کہ گھر سے نکلتے وقت 11 بار یَـاحَفِیْظُ یَـاسَلَامُ اور ایک مرتبہ

آخری 6 سورتیں پڑھ لیتا ہوں اور گاڑی میں حضرت جی دامت برکاتہم کے فرمان کے مطابق مسواک بھی رکھی ہوئی ہے۔ پچھلے دنوں ہمارا اسلام آباد سے لاہور کا سفر رات کے وقت تھا تمام راستے ہم یہ عمل پڑھتے رہے۔ راستے میں گاڑی گرم ہوگئی لیکن ہم دونوں میاں بیوی اذکار کرتے کرتے گھر خیریت سے پہنچ گئے۔ جب گھر کے مین گیٹ کے سامنے پہنچے تو گاڑی کا ریڈی ایٹر لیک ہوگیا۔ الحمدللہ! ان اعمال کی برکت سے تمام راستے ہمیں کوئی پریشانی نہیں ہوئی اور دوسرے دن جاکر ریڈی ایٹر ٹھیک کروایا۔ **(الف۔ص، لاہور)**

ہر مسئلے میں یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھا تو مسئلہ حل ہوگیا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! حضرت صاحب ایک بار رات کے 3 بجے میری طبیعت اچانک خراب ہوگئی مجھے بہت زیادہ چکر آرہے تھے گھر والے کافی پریشان تھے کیونکہ اس وقت وہ کہیں لے کر بھی نہیں جاسکتے تھے۔ ایک دم میرے ذہن میں آیا اور میں نے 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر اپنے پورے جسم پر پھونک مارلی۔ الحمدللہ! اس کی برکت سے فوراً میری طبیعت ٹھیک ہوگئی۔

بارش وہیں پر رک گئی

ایک بار میں محفل نعت میں شریک تھا کہ تیز ہوا کے ساتھ بارش شروع ہوگئی۔ محفل انتظامیہ اپنا سامان اٹھانے لگی کہ کہیں پانی پڑنے سے نقصان نہ ہوجائے۔ میں نے جلدی سے 11 بار یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھ کر اپنے اردگرد ہر چیز کا حصار کردیا۔ اس کے پڑھنے کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ایسا کرم کیا کہ بارش وہیں تھم گئی۔

بارش میں بھیگنے سے بچ گئے

ایک بار میں اپنی فیملی کے ساتھ شادی پر جارہا تھا کہ راستے میں بارش شروع ہوگئی۔ میں نے سوچا نزدیک کسی پٹرول پمپ میں ٹھہر جائیں تاکہ بھیگنے سے بچ جائیں۔ لیکن پھر خیال آیا اور میں نے 11 بار یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھ لیا اور گھر والوں سے بھی یہی پڑھنے

کیلئے کہا۔ ابھی دس قدم ہی چلے تھے کہ بارش رک گئی اور ہم بھیگنے سے بچ گئے۔

(جاوید اقبال صاحب، کراچی)

خراب ڈِمر 20 دن بعد چل پڑا

پچھلے ہفتے کی بات ہے میرے کمرے کے پنکھے کا ڈِمر بالکل خراب ہوگیا تھا جس کی وجہ سے پنکھا نہیں چل رہا تھا۔ پہلے تو 15 دن تک گزارہ ہوتا رہا لیکن پھر ایک دن رات کے وقت مجھے گرمی سے گھبراہٹ سی محسوس ہوئی تو میں پنکھا چلانے کیلئے اٹھا تو میرے ذہن میں کچھ نہ آیا میں نے 11 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر پنکھے کے ڈِمر پر پھونک مار کر ڈِمر آن کیا تو پنکھا چل گیا۔ **(زاہد رشید صاحب، سرگودھا)**

گاڑی تباہ ہوگئی مگر ہمیں خراش تک نہ آئی

السلام علیکم! حضرت جی دامت برکاتہم نے درس میں فرمایا تھا کہ سفر کرنے سے پہلے 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیا کریں۔ آج کا واقعہ ہے کہ میں اور میرے کچھ ساتھی اسلام آباد سے لاہور آرہے تھے جب ہم نے کھاریاں کراس کیا تو اچانک دوسری سڑک پر 2 گاڑیاں آپس میں ٹکرائیں اس کے ساتھ ہی ایک کیری ڈبہ تیز رفتاری سے ہمارے سامنے آگیا اس وقت ہماری گاڑی بھی 90 کی سپیڈ پر تھی۔ میں گاڑی میں پیچھے بیٹھا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ کا درود شریف پڑھ رہا تھا اور گھر سے نکلتے وقت ہم نے سواری کی دعا اور 11 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیا تھا۔ ہمارے ساتھی ڈرائیور نے ایک دم بریک لگائی اور مجھے پتہ نہیں چلا کہ گاڑی کیسے ٹکرائی اور کیا ہوا؟ ہم گاڑی سے نیچے اترے اور دیکھا کہ دوسری سڑک پر جو گاڑیاں ٹکرائی تھیں ان میں سب مسافر زخمی تھے اور ویگن الٹی ہوئی تھی اور جو کیری ڈبہ ہمارے ساتھ ٹکرایا وہ بھی بالکل ٹوٹ پھوٹ چکا تھا۔ ہماری گاڑی کا بھی کچھ نقصان ہوا تھا لیکن اللہ پاک نے کرم فرمایا کہ ہمیں ایک معمولی سی بھی خراش نہیں آئی اور ہم چاروں بالکل صحیح سلامت یہاں درس میں پہنچ گئے۔ **(محمد اسحاق صاحب، اسلام آباد)**

تسبیح کاؤنٹر کو کچھ بھی نہیں ہوا

ایک صاحب کہنے لگے کہ روزانہ دفتر جانے کیلئے ایک گاڑی مجھے لینے آتی ہے۔ میں دوران سفر بھی تسبیح (تسبیح کاؤنٹر) پر ذکر کرتا رہتا ہوں۔ ایک دن جب میں گاڑی سے نیچے اترنے لگا تو میرے ہاتھ سے تسبیح نیچے گر گئی۔ سامنے سے ایک کار گزر رہی تھی تسبیح اس کار سے ٹکرا کر آگے فٹ پاتھ پر جا لگی اور اسے کچھ بھی نہیں ہوا کیونکہ میں نے 11 مرتبہ یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ پڑھ کر تسبیح پر دم کیا ہوا تھا۔ اس وقت بھی وہ تسبیح میرے ہاتھ میں محفوظ ہے۔ **(توقیر حیدر صاحب)**

تیز رفتار ٹرالہ کیساتھ ٹکر سے بچالیا

اللہ کا شکر ہے جس نے اپنا نام لینے کی توفیق عطا فرمائی۔ ایک بار میں ایک بزرگ کو موٹر سائیکل پر بیٹھا کر سفر کر رہا تھا۔ سفر پر نکلنے سے پہلے میں نے معمول کے مطابق 11 مرتبہ یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ پڑھ لیا۔ جب میں ایک موریہ پل کے قریب سے گزر رہا تھا تو سامنے سے ایک تیز رفتار ٹرالہ آیا اور مجھے سمجھ نہیں آیا کہ کس طرح موٹر سائیکل کنٹرول کروں لیکن اللہ پاک نے حفاظت والے اعمال کی برکت سے غیبی طاقت کے ذریعے ہمیں وہاں سے بچالیا۔ (ف۔ ر)

یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ پڑھنے سے چالان نہیں ہوا

پچھلے ہفتے کی بات ہے میں موٹر سائیکل پر دکان سے گھر آرہا تھا۔ میں نے 11 بار یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ پڑھا ہوا تھا راستے میں ٹریفک وارڈن نے مجھے روک لیا اور پوچھنے لگا کہ آپ کے پاس ہیلمٹ نہیں ہے اور نہ ہی کاغذات اور پوچھنے لگا کہ آپ کا گھر کہاں ہے؟ میں نے کہا قریب ہی ہے۔ تو کہنے لگا کسی کو گھر فون کر کے کاغذات منگوا کر دکھا دو تب چھوڑوں گا۔ میں نے بھائی کو فون کیا؟ بھائی نے کہا میں آرہا ہوں۔ جتنی دیر مَیں کھڑا رہا وارڈن نے 4,5 ایسے بندوں کے چالان کیے جن کے پاس ہیلمٹ بھی تھا اور کاغذات بھی۔ یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ پڑھنے کی برکت سے اس وارڈن نے میرا چالان

نہیں کیا اور تھوڑی دیر میں بھائی کا غذات لے کر آ گیا اور وارڈن نے مجھے چھوڑ دیا۔

(محمد عمیر صاحب، لاہور)

يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ سے پرس کی حفاظت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! حضرت جی دامت برکاتہم نے 11 بار يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھنے کا عمل عنایت فرمایا ہوا ہے۔ میں کثرت سے یہ عمل پڑھتا رہتا ہوں۔ آج کا ذاتی مشاہدہ ہے کہ میں اپنے ایک دوست کیساتھ گھر کے باہر ایک رکشے میں بیٹھا باتیں کر رہا تھا اور اس رکشے میں بہت دیر بیٹھے رہے۔ اسی دوران میں نے اپنا موبائل اور پرس نکال کر رکشے کی سیٹ پر رکھ دیا۔ کچھ دیر بعد میرے بھائی نے آواز دی تو میں بے دھیانی میں اپنا موبائل اٹھا کر اندر چلا گیا۔ آدھے گھنٹے بعد جب مجھے پیسوں کی ضرورت پڑی تو میں نے جیب میں دیکھا تو پرس نہیں تھا۔ میرے ذہن میں نہیں آ رہا تھا کہ میں نے پرس کہاں رکھا ہے؟ ادھر اُدھر پرس ڈھونڈتا رہا۔ اچانک ذہن میں آیا کہ رکشے میں جا کر دیکھوں اور جب میں باہر نکلا تو رکشہ وہیں کھڑا تھا لیکن اس کے آس پاس گلی میں نشہ کرنے والے آوارہ لڑکے کھڑے تھے۔ میں نے سوچا اب اگر رکشے میں ہوا بھی تو انہوں نے پکڑ لیا ہوگا۔ پھر دل میں آیا کہ میں نے يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھا ہوا ہے اللہ خیر کرے گا۔ جب میں نے قریب جا کر دیکھا تو آدھے گھنٹے بعد بھی میرا پرس صحیح سلامت وہیں پڑا ہوا تھا۔ اللہ پاک نے يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ کی برکت سے میرا پرس ان لڑکوں کی نگاہوں سے اوجھل رکھا اور نقصان سے بچا لیا۔ (فیضان خالد صاحب، لاہور)

5 گھنٹے تک موٹر سائیکل کی حفاظت

میں جب بھی گھر سے کہیں جانے لگتا ہوں تو 11 بار يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھ لیتا ہوں۔ ایک دن میں کرکٹ کھیلنے کیلئے گیا تو وہاں جا کر موٹر سائیکل کھڑی کرتے ہوئے چابی نکالنا بھول گیا۔ 5 گھنٹے بعد جب کرکٹ کھیل کر واپس آیا تو سڑک پر

اکیلی میری موٹر سائیکل ہی کھڑی تھی اور حیرت کی بات تھی کہ چابی بھی لگی ہوئی تھی اللہ پاک نے اپنے نام کی برکت سے میری موٹر سائیکل کی حفاظت فرمائی۔

(اسد مشتاق صاحب)

اللہ کے نام کی برکت سے بچی کو کچھ نہیں ہوا

میں روزانہ صبح وشام اول وآخر درود شریف کیساتھ 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر اپنے پورے جسم اور گھر پر دم کر دیتا ہوں۔ اسکے مجھے بہت فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ کچھ دن پہلے میں اپنے کام پر تھا اور اہلیہ گھر میں مصروف تھی اسے دھیان نہیں رہا کہ بچی باہر نکل کر کھیل رہی تھی۔ اچانک ایک تیز رفتار موٹر سائیکل والے نے زور سے میری بچی کو ٹکر ماری اور خود بھاگ گیا لیکن اللہ کا شکر ہے کہ اس کے نام کی برکت سے میری بچی کو کچھ نہیں ہوا اور وہ محفوظ رہی۔ **(محمد معراج دین صاحب)**

محکمہ ایکسائز کے اہلکار نے گاڑی چھوڑ دی

السلام علیکم! میں ملتان سے درس سننے کیلئے آتا ہوں۔ پچھلے دنوں میں نے اپنی گاڑی ٹھیک کروانے کیلئے ایک مکینک کو دی اور کہا کہ گاڑی ٹھیک کرنے کے بعد میرے گھر پہنچا دینا۔ دوسرے دن مکینک میری گاڑی لیکر آرہا تھا کہ راستے میں محکمہ ایکسائز والوں کا ناکہ لگا ہوا تھا اور جن گاڑیوں کے کاغذات مکمل نہیں تھے اس گاڑی کو قریبی تھانے میں بند کروا رہے تھے۔ میرے مکینک کی باری آئی تو اس نے ان کی بہت منتیں کیں کہ میں یہ گاڑی ٹھیک کر کے اس کے مالک کے گھر دینے جا رہا ہوں اس کے کاغذات وغیرہ تو مالک کے پاس ہی ہیں لیکن انہوں نے اس کی ایک نہ سنی اور اپنے ایک اہلکار کو اس کے ساتھ گاڑی میں بٹھا کر قریبی تھانے میں بھیج دیا۔ ابھی وہ راستے میں ہی تھا کہ مکینک نے مجھے فون کر کے ساری صورتحال بتائی اور اس اہلکار کے ساتھ میری بات کروائی۔ میں نے اسے کہا میرے مکینک کو رکشے پر میرے پاس آنے دیں اور میں اسے صرف 15 منٹ میں تمام کاغذات دے کر روانہ کر دیتا ہوں۔ وہ

اہلکار کہنے لگا کہ جناب! آجکل ہمارے ڈائریکٹر صاحب خود ڈیوٹی پر موجود ہیں لہٰذا میں اس سلسلے میں بالکل بے بس ہوں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے فون بند کر دیا۔ میں نے ان سے دوبارہ بات کرنا چاہی لیکن نمبر بند تھا۔ میں بہت پریشان ہوا کہ ایک تو ملتان کی دوپہر کی سخت گرمی اور دوسری اچانک بہت تیز آندھی شروع ہو گئی تھی اور آنکھوں میں گرد و غبار پڑنے کی وجہ سے کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ ایسی حالت میں تھانے کے چکر لگانا اور گاڑی چھڑوانا ناممکن نظر آرہا تھا۔ میں نے ایک جگہ بیٹھ کر سانس روک کر 7 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ کے اس اہلکار کا تصور کرتے ہوئے پھونک ماردی۔ پھر اول و آخر ایک بار درود شریف اور 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر اپنی گاڑی کا تصور کرتے ہوئے اس کے گرد حفاظتی حصار بنا دیا۔ میں مسلسل ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ'' درود شریف پڑھنا شروع ہو گیا اور ساتھ دعا کی یا اللہ! میری گاڑی کو تھانے سے بچا۔ اچانک میرے مکینک کا فون آیا اور کہنے لگا کہ یہاں بہت دھول والی آندھی چل رہی ہے اور جو اہلکار ہمارے ساتھ تھا وہ اپنے محکمے کی گاڑی پر واپس چلا گیا ہے اور ہمیں بھی جانے کی اجازت مل گئی ہے، اب ہم آپ کے پاس آرہے ہیں اور ٹھیک 15 منٹ بعد مکینک میری گاڑی سمیت خیریت سے میرے گھر پہنچ گیا۔ اس وقت میری آنکھوں میں خوشی اور اعتماد کے آنسو تھے کہ اللہ پاک اپنے بندے کی کس طرح لاج رکھتے ہیں۔ بس ہمارے مانگنے میں کمی ہوتی ہے اللہ کی مدد آنے میں ہرگز کوئی کمی نہیں۔ **(شفقت صاحب، ملتان)**

اللہ تعالیٰ نے حرام کھانے سے حفاظت فرمائی

کچھ دن پہلے میں آفیشل ٹور پر یورپ گیا ہوا تھا میں نے جہاز پر بیٹھنے سے پہلے 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیا اور اطمینان سے خود کو اللہ کے سپرد کر دیا۔ آگے جا کر میں جنیوا اتر گیا وہاں مجھے ریسیو کرنے کیلئے گورے آئے ہوئے تھے رات کا وقت تھا مجھے بھوک محسوس ہو رہی تھی۔ میں نے ان سے پوچھا کہ یہاں کھانے کیلئے حلال

چیزیں مل جائیں گی؟ وہ حیران ہو کر پوچھنے لگے کہ what,s Halal۔ ان کے اس کراس سوال پر میں ڈر گیا کہ کہیں مجھے خنزیر ہی نہ کھانا پڑ جائے۔ بہر حال وہ مجھے ایک 7 سٹار ہوٹل میں ٹھہرا کر چلے گئے۔ رات میں نے بھوک میں ہی گزاری۔ صبح وہ مجھے اپنے گھر لے گئے۔ جن کے ہاں میں گیا انہیں انگلش بھی نہیں آتی تھی کیونکہ وہ اٹالین تھے۔ میں پریشانی کے عالم میں ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھا ہوا تھا کہ پتہ نہیں اب کیا کھانا پڑے گا۔ اتنے میں مَیں نے دیکھا کہ ان کی ایک خاتون زیتون کے تیل میں مچھلی فرائی کر رہی تھی اور کچھ ہی دیر بعد انہوں نے میرے سامنے پیش کی تو میں نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ جس نے حرام کھانے سے میری حفاظت فرمائی۔

اللہ تعالیٰ نے ہر جگہ پریشانی سے بچایا

السلام علیکم! میں جنیوا سے واپس آیا تو مجھے پتہ نہیں چلا کہ میرا پاسپورٹ کہیں گر گیا ہے میرے ذہن میں تھا کہ میرے بیگ میں ہو گا۔ ایئر پورٹ پر آ کر امیگریشن والوں نے پوچھا کہ پاسپورٹ چیک کروائیں؟ میں نے پاسپورٹ نکالنے کیلئے جب بیگ میں ہاتھ ڈالا تو میرے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے اور میں بہت پریشان ہوا۔ اچانک امیگریشن کے ایک آفیسر نے اپنے ہاتھوں میں ایک پاسپورٹ لہراتے ہوئے مجھ سے پوچھا (Is your pasport?) کیا یہ پاسپورٹ آپ کا ہے؟ میں دیکھ کر بہت حیران ہوا کہ ان کے پاس میرا پاسپورٹ کیسے چلا گیا مجھے تو یہ بھی یاد نہیں تھا کہ پاسپورٹ کہیں گرا بھی ہے یا نہیں۔ جب اس نے میرا پاسپورٹ میرے حوالے کیا تو مجھے یاد آیا کہ یہ سب 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر نکلنے کی برکت ہے۔ اللہ پاک نے ہر جگہ پریشانی سے میری حفاظت فرمائی۔ (ن، ص)

پرندے دانہ کھانے آتے ہیں

میں شروع سے پرندوں کو پانی اور دانہ ڈالتا جسے کھانے کیلئے کم پرندے آتے تھے اور کئی دنوں تک دانہ بچا رہتا تھا۔ پھر میں نے سورۃ کوثر اور یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ کا عمل

پڑھ کر پانی اور دانہ ڈالنا شروع کر دیا جس کی برکت سے بے شمار پرندے بلاخوف آ کر دانہ کھاتے رہتے ہیں اور پانی بھی پیتے ہیں۔ **(محمد اعظم صاحب، لاہور)**

چیزوں کے نقصان سے حفاظت

میرے ایک دوست کی تسبیح ہر بار ٹوٹ جاتی تھی اور وہ تقریباً چار تسبیح توڑ چکے تھے۔ میں نے انہیں کہا کہ آپ 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر تسبیح پر دم کریں ان شاءاللہ آپ کی تسبیح نہیں ٹوٹے گی۔ کچھ عرصہ بعد میں نے ان سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے اب تک میری کوئی تسبیح نہیں ٹوٹی۔

(ت۔ص، لاہور)

اعمال کا ہدیہ کبھی ضائع نہیں ہوتا

میں پچھلی جمعرات کو حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے آیا۔ یہاں آ کر میں نے 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر حضرت جی دامت برکاتہم کو روحانی ہدیہ کر دیا۔ میری ملاقات نہ ہو سکی بعد میں گھر چلا گیا گھر والوں نے بھی ملاقات کے متعلق پوچھا تو میں نے نفی میں جواب دیا۔ میرے ذہن میں نہیں تھا کہ میں نے روحانی ہدیہ دینے والا عمل کیا ہوا ہے۔ جب رات کو سویا تو خواب میں میری حضرت جی دامت برکاتہم سے ملاقات ہو گئی اور جو میں نے پوچھنا تھا مجھے ہر بات کا جواب مل گیا۔ بیشک یہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ کا ہدیہ کرنے کی برکت سے خواہش پوری ہو گئی ہے۔

(محمد عثمان صاحب، لاہور)

50 ہزار کا نقصان ہونے سے بچ گیا

السلام علیکم! میرا نام محمد طاہر ہے۔ میں آپ کو اپنا مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں۔ حضرت صاحب نے مجھے یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ کا وظیفہ پڑھنے کیلئے دیا ہوا ہے جسے میں نے اپنی زندگی کا معمول بنا لیا ہے اور گھر سے نکلنے سے پہلے 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھتا ہوں۔ میں اپنی سوسائٹی PCSIR سے آگے مال لینے کیلئے جاتا تھا

اکثر میرا مال لانے کا ٹائم رات 3,4 کے درمیان تھا جس دوران رکشہ وغیرہ ملنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ ایک بار میں نے اپنا 50 ہزار کا مال چنگ چی رکشہ میں رکھ دیا اور رکشے والے کو ساتھ ساتھ آنے کا کہہ کر خود موٹر سائیکل پر آگے چل پڑا۔ جوہر ٹاؤن ایکسپو سنٹر کے قریب پہنچ کر مجھے خیال آیا کہ رکشے والے کو تو ایڈریس بھی معلوم نہیں۔ جب میں رکشے والے کے پاس واپس پہنچا تو 2 توڑے غائب تھے۔ میں پریشان ہوا کہ میرا مال کہاں گیا ہے؟ میں اسی راستے سے واپس گیا اور جہاں سے سامان اٹھایا تھا وہاں پر گارڈز سے پوچھا تو کوئی کچھ کہے اور کوئی کہے کہ آپ کا مال یہاں نہیں گرا۔ مجھے شک ہوا اور میں نے کہا نہیں میرا مال یہی پر گرا ہے اور میں نے گارڈز کو سی ٹی وی کیمروں میں دیکھنے کیلئے کہا۔ جب ہم نے کیمروں کی مدد سے کمپیوٹر پر دیکھا تو دو موٹر سائیکل سوار میرا سامان اٹھا کر موٹر سائیکل پر رکھ رہے تھے اور کہیں آگئے چلے گئے جن کا پتہ نہیں چلا کہ یہ کون ہیں۔ میں نے سوچا اب میرا مال کہیں نہیں جاتا کیونکہ میں نے یقین کے ساتھ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھا ہوا تھا۔ کچھ ہی دیر بعد مجھے کنٹرول روم سے بلاوا آگیا کہ آپ آکر اپنا مال لے جائیں۔

(محمد طاہر صاحب، لاہور)

جوتا چوری ہونے سے حفاظت

السلام علیکم! میرا نام محمد ارسلان ہے۔ میں تقریباً چار پانچ ماہ سے اپنے دوست کے ساتھ یہاں حضرت صاحب کے درس میں آرہا ہوں۔ پچھلے درس میں آپ دامت برکاتہم نے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ اور مسنون دعا پڑھنے کا ارشاد فرمایا تھا۔ میں نے یہ وظیفہ ہر نماز کے بعد پڑھنا شروع کر دیا۔ کچھ دن پہلے میں مسجد میں نماز پڑھنے گیا جہاں میری عادت ہے کہ میں جوتا اندر نہیں لیکر جاتا میں جوتا مسجد کے باہر ہی یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ، بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ” پڑھ کر رکھ دیتا ہوں۔ جب میں نماز پڑھنے کے بعد باہر آیا تو میرا جوتا نہیں تھا لیکن مجھے یقین تھا کہ

میرا جوتا کہیں نہیں جائے گا کیونکہ میں نے اس کی نیت سے عمل کیا ہوا ہے۔ میں مسجد کے اندر واپس گیا اور کچھ ہی لمحے بعد واپس آیا تو میرا جوتا مل گیا۔

(محمد ارسلان صاحب، لاہور)

گاڑی کے نیچے پاؤں آنے سے تکلیف نہیں ہوئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! میرا انا محمد زبیر شاہ ہے اور میں شاہکوٹ سے آیا ہوں۔ میں جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو مسنون دعاؤں کے ساتھ 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیتا ہوں۔ عید سے قبل جب میں بازار گیا تو بہت رش تھا، آٹو رکشے بند تھے میں سڑک کے درمیان چل رہا تھا کہ اچانک میرے دائیں پیر کا انگوٹھا کار کے نیچے آگیا اور مجھے بالکل بھی تکلیف نہیں ہوئی۔ یہ مسنون دعاؤں اور یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنے کی برکت ہے۔ **(محمد زبیر شاہ صاحب، شاہکوٹ)**

پنکچر موٹر سائیکل پر 11 کلومیٹر کا سفر

میری موٹر سائیکل کی پٹرول کی ٹینکی لیک ہوتی تھی جس کی وجہ سے پٹرول ضائع ہو جاتا تھا۔ میں نے پٹرول کی ٹینکی پر 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھا اور الحمدللہ! اب پٹرول لیک نہیں ہوتا۔ ایک دن میں نے پنکچر موٹر سائیکل پر 11 کلومیٹر سفر کیا اور کوئی حادثہ نہیں ہوا کیونکہ میں نے 11 مرتبہ یاحَفِیظُ یاسَلامُ پڑھا ہوا تھا۔

(طارق محمود صاحب)

ڈاکوؤں کو نظر نہیں آیا

السلام علیکم! ایک بار میں یہاں درس سے واپس اپنے شہر جا رہا تھا کہ راستے میں مجھے ڈاکوؤں نے روک لیا وہ میری تلاشی لے رہے تھے۔ اسی دوران میں نے سوچا کہ میں نے یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھا ہوا ہے اس کی برکت سے مجھے کچھ نہیں ہوگا پھر انہوں نے ایک اور موٹر سائیکل سوار کو روک لیا اور میں مسلسل یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھتا رہا۔ میں نے تیزی سے موٹر سائیکل آگے لیجاتے ہوئے بھگا دی اور مجھے ایسا محسوس ہوا

کہ میں انہیں نظر بھی نہیں آیا اور وہ دیکھتے رہ گئے کہ پہلا شخص جسے ہم نے روکا تھا وہ کہاں گیا ہے۔ (الف، ج)

صرف 11 بار پڑھنے سے ہر مشکل سلجھ جاتی ہے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

میرا یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پر اتنا پختہ اعتقاد ہے کہ کوئی بھی کام اگر مجھ سے نہ ہو رہا ہو یا اس میں کسی قسم کی رکاوٹ آ رہی ہو تو میں صرف 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر اس کام پر پھونک مار دیتا ہوں۔ اللہ کے نام کی برکت سے میرا وہ کام ہو جاتا ہے۔ میں نے موبائل ہارڈ ویئر اور سوفٹ ویئر کا کورس کیا ہوا ہے جسے میں نے ابھی پروفیشنل جوائن نہیں کیا۔ ایک دن میرے ایک دوست نے 2 موبائل میرے گھر بھیجے کہ یہ بالکل خراب ہیں انہیں ٹھیک کر سکتے ہو تو کر دو۔ میرے پاس مکمل اوزار نہیں تھے۔ میں نے ایک موبائل کو کھولا اسے اچھی طرح صاف کیا اور 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر اس پر دم کر دیا۔ جب اسے آن کیا تو وہ فوراً آن ہو گیا۔ پھر دوسرا موبائل کھولا اس پر کام کرتا رہا لیکن وہ نہ چلا میں نے اسے سائیڈ پر رکھ دیا۔ دوسرے دن پھر میں نے اس پر تھوڑا سا کام کر کے 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھا اور جب چلایا تو الحمدللہ! وہ بالکل ٹھیک ہو گیا۔ ایسے بے شمار واقعات ہیں جو اگر بتانے لگوں تو شاید وہ ختم نہ ہوں۔ (**محمد کامران صاحب**)

خوفناک چیزوں سے حفاظت

پچھلے دنوں میں فجر کی نماز پڑھنے تسبیح خانے آ رہا تھا اور جب فرنیچر والی دکان کے پاس پہنچا تو اچانک مجھے نہایت ہی عجیب و غریب قسم کی خوفناک آواز سنائی دی۔ میں نے آیت الکرسی اور یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنا شروع کر دیا پڑھنے کے دوران بھی وہ آواز آتی رہی۔ میں بہت زیادہ گھبرا رہا تھا اور دل چاہ رہا تھا کہ واپس چلا جاؤں لیکن میں یہی پڑھتا رہا اور تسبیح خانے پہنچ گیا۔ یہاں آ کر نماز پڑھی اور کافی دیر بیٹھا رہا اور

واپس جاتے وقت میں پرسکون ہو چکا تھا اور دل کی گھبراہٹ ختم ہو چکی تھی۔ اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے میری خوفناک چیزوں سے حفاظت فرمائی۔

(محمد صادق صاحب، لاہور)

بار بار غسل کی حاجت سے چھٹکارا

میرے ایک دوست کو پچھلے 6 سالوں سے ایک مسئلہ تھا کہ جب وہ فجر کی نماز کے بعد تھوڑی دیر سوتا ہے تو ہر دوسرے دن اسے غسل کی حاجت ہو جاتی۔ اس نے اس کیلئے کافی دوائیاں بھی استعمال کیں لیکن فائدہ نہ ہوا۔ میں نے اسے کہا کہ تم سونے سے پہلے 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیا کرو۔ آج 2 ہفتے ہو گئے ہیں وہ یہ عمل کر رہا ہے اور الحمدللہ! اس دن کے بعد اسے یہ مسئلہ نہیں ہوا۔ **(محمد کلیم صاحب، میلسی)**

بارش کے دوران سامان بھیگنے سے بچت

میں پچھلے درس میں شرکت کیلئے لاہور آیا تو درس سے پہلے میں مال لینے چلا گیا اور مال لیکر اسے اڈے پر بلٹی کرانے گیا۔ اس دن بارش کا امکان تھا میں نے 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر اپنے مال پر حفاظت کا حصار کر دیا اور یہاں درس میں آ گیا۔ پھر بارش شروع ہو گئی لیکن اللہ کا شکر ہے کہ میرا سامان نہیں بھیگا حالانکہ رات 12 بجے تک سامان پڑا رہا تھا۔ **(عابد صاحب، مانسہرہ)**

خاتون کو ڈر اور خوف سے نجات

السلام علیکم! میری شاہ عالم مارکیٹ میں دکان ہے، جہاں زیادہ تر سارا دن خواتین کا آنا جانا لگا رہتا ہے۔ کچھ خواتین مارکیٹ میں چلتے چلتے تھک ہار کر تھوڑی دیر ریسٹ کرنے میری دکان میں آ کر بیٹھ جاتی ہیں۔ میں انہیں تسبیح خانے سے ملنے والے اعمال بتاتا رہتا ہوں، کسی کو 2 انمول خزانے دیتا ہوں تو کسی کو تسبیحات فاطمہ رضی اللہ عنہا بتا کر کہتا ہوں کہ ابھی اسے آزما کر دیکھیں اور واقعی فوراً ان کی تھکاوٹ دور ہو جایا کرتی ہے۔ ایک خاتون کو اکثر اپنی حفاظت کی غرض سے ڈر لگا رہتا تھا اور جب بھی گھر

سے نکلتی تو ادھر اُدھر دیکھتی رہتی کہ جیسے کوئی سایہ دار چیز اس کے پیچھے ہے۔ میں نے انہیں 11 باریَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ گھر سے نکلتے وقت پڑھنے کیلئے بتادیا۔ کچھ ہی عرصے بعد جب وہ دوبارہ مارکیٹ میں شاپنگ کیلئے آئیں تو مجھے بتانے لگیں کہ بھائی جان آپ نے وہ وظیفہ تو بہت ہی کمال کا بتایا ہے اس کے پڑھنے کی برکت سے اللہ پاک نے ڈر اور خوف سے نجات دلادی ہے اور میں سارا دن گھر میں بھی یہی پڑھتی رہتی ہوں اس کی برکت سے میرے بہت سے کام سنور رہے ہیں۔

یاحَفِیْظُ یاسَلَامُ کے دم سے معدہ ٹھیک

آج کا ایک تازہ واقعہ ہے کہ میرے کولیگ کا کھانا کھانے کے بعد معدہ کچھ وزنی سا ہوگیا۔ میں نے اس کی طبیعت کو محسوس کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا ہوا؟ اس نے اپنا مسئلہ بتایا۔ میں نے کہا چلو فوراً پانی پر 11 باریَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر دم کرکے پی لو۔ کچھ دیر بعد جب دوبارہ پوچھا تو کہنے لگا مجھے تو پتہ بھی نہیں درد کہاں غائب ہوگیا۔ الحمدللہ! اللہ پاک حضرت جی دامت برکاتہم کے ذریعے ہمیں اعمال اور اعمال کے کرشمات عطا فرمارہے ہیں۔ (خرم صاحب، لاہور)

2 فرشتے گھر کی حفاظت پر مامور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

ہمارے مالک مکان کے ہاں ڈکیتی ہوگئی ہم نے چوروں کو پکڑ لیا اور بعد میں پولیس کے حوالے کردیا۔ لیکن ہمیں یہ خطرہ تھا کہ کہیں ان کے ساتھی آکر ہمیں کوئی نقصان نہ پہنچادیں۔ ہم نے 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں پھونک ماردی۔ رات کو خواب میں والدہ نے دیکھا کہ 2 فرشتے ان کے سر اور پاؤں کی طرف کھڑے ہیں۔ والدہ نے پوچھا کہ آپ کیا لینے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم آپ کی حفاظت پر مامور ہیں۔ اس عمل کے پڑھنے سے الحمدللہ! ہمیں کوئی پریشانی نہیں ہوئی۔ (سجاد احمد صاحب)

بھرے بازار میں سامان کی حفاظت

3 دن پہلے میں نے اپنی دکان کیلئے کچھ سامان خریدا اور جب شاہ عالم مارکیٹ کے مین روڈ پر موٹر سائیکل کھڑی کی تو سامان والا شاپر موٹر سائیکل کے ساتھ ہی رہ گیا اور میں اپنی دکان پر چلا گیا۔ رات کو تقریباً ایک بجے جب دکان بند کر کے میں موٹر سائیکل کے پاس آیا تو یہ دیکھ کر حیران ہو گیا کہ میرا شاپر ابھی تک بالکل محفوظ موٹر سائیکل کے ساتھ لٹکا ہوا تھا۔ پھر مجھے یاد آیا کہ صبح گھر سے نکلتے وقت جو میں نے 11 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھا تھا اسی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے تقریباً 12 گھنٹے میرے سامان کو لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رکھا۔ گھر جا کر جب میں نے بچوں کو یہ واقعہ سنایا تو وہ بھی بہت حیران ہوئے اور کہنے لگے کہ شاہ عالم مارکیٹ میں تو ذرا آنکھ سے کوئی چیز اوجھل ہو جائے تو وہ فوراً گم ہو جاتی ہے۔ (راشد صاحب)

موٹر سائیکل سٹارٹ ہوگئی

کل اچانک تیز بارش شروع ہوگئی جس کی وجہ سے گھر کے باہر کھڑی میری موٹر سائیکلبھیگ گئی۔ جب بارش رکنے پر میں نے موٹر سائیکل سٹارٹ کی تو 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیا لیکن وہ سٹارٹ نہ ہوئی۔ ایک بندہ قریب سے گزر رہا تھا کہنے لگا اس کی کک چیک کر لیں۔ میں نے سوچا میرے پڑھنے میں کچھ کمی رہ گئی ہے اس لیے یہ سٹارٹ نہیں ہو رہی ہے۔ میں نے دوبارہ پوری توجہ اور دھیان سے 11 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر کک ماری تو موٹر سائیکل سٹارٹ ہوگئی۔

عمل کے بغیر جنریٹر سٹارٹ نہیں ہوتا

ہماری دکان کے سامنے ایک درزی کی دکان ہے جن کا جنریٹر سٹارٹ ہوتے وقت تنگ کرتا ہے۔ میں نے انہیں بتایا ہوا ہے کہ اسے سٹارٹ کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہ کے ساتھ 11 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیا کریں۔ ایک دن میں نے دیکھا کہ وہ جنریٹر کو سٹارٹ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن بہت دیر سے سٹارٹ نہیں

ہو رہا تھا۔ میں نے اسے آواز دے کر کہا: استاد جی! میرا بتایا ہوا عمل بھول گئے ہیں نا! وہ کہنے لگا نہیں۔ پھر اس نے يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھ کر لڑکے کو اشارہ کیا کہ اب سٹارٹ کرو تو جنریٹر فوراً سٹارٹ ہو گیا۔ (زاہد رشید صاحب، سرگودھا)

گم ہونیوالی جیکٹ اگلے دن مل گئی

اگر میری کوئی بھی چیز گم ہو جائے تو میں 11 بار يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھتا ہوں جس کی برکت سے الحمدللہ! وہ چیز مل جاتی ہے۔ ایک دفعہ ہم سردیوں کے موسم میں گراؤنڈ میں میچ کھیلنے کیلئے گئے جس کے دوران میں نے اپنی جیکٹ اتار کر ایک درخت کی ٹہنی کے ساتھ لٹکا دی۔ جب مغرب کے وقت واپس آئے تو وہ جیکٹ وہیں رہ گئی۔ نماز کے بعد مجھے خیال آیا تو میں نے يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھنا شروع کر دیا اور گراؤنڈ میں جا کر دیکھا تو جیکٹ نہیں تھی۔ میرے دل سے نکلا کہ یا اللہ! میں نے تو تیرا نام يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ بھی پڑھا تھا پھر میری جیکٹ کیسے گم ہو گئی؟ میں نے سوچا شاید میرے کسی دوست نے پکڑ لی ہو وہ خود ہی مجھے دیدے گا۔ اگلے دن جب ہم دوبارہ کھیلنے کیلئے گراؤنڈ میں گئے تو دو نامعلوم افراد آئے اور سیدھا میری طرف آ کر کہنے لگے کہ یہ لیں آپ کی جیکٹ۔ اللہ پاک نے اپنے نام کی برکت سے مجھے میری جیکٹ واپس دلا دی۔ اس سے پہلے اکثر میرے جوتے گم جاتے تھے لیکن جب سے میں نے يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھنا شروع کیا ہے اب کبھی گم نہیں ہوئے۔

ایکسیڈنٹ کے دوران غیبی حفاظت

ایک دن میں موٹر سائیکل چلانے سے پہلے يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھنا بھول گیا، گلی میں تھوڑا سا آگے ریت پڑی ہوئی تھی جہاں سے میں پھسل گیا۔ حالانکہ اس سے پہلے مجھے کچھ نہیں ہوا تھا۔ جب کہ اس سے پہلے ایک بار میں يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھ کر تیز رفتاری میں موٹر سائیکل چلا رہا تھا کہ راستے میں اچانک سامنے سے ایک گاڑی آ گئی میں نے فوراً بریک لگائی لیکن اس گاڑی کی ٹکر آ کر مجھے لگی۔ مجھ سے موٹر سائیکل سنبھالی

نہ گئی اور لگا کہ میں گر جاؤں گا کیونکہ موٹر سائیکل ان بیلنس ہو رہی تھی۔ اتنے میں کسی غیبی طاقت نے میرا ہینڈل بالکل سیدھا کر دیا اور میں صحیح سلامت آگے نکل گیا۔

(ع، ش۔۔۔)

سڑک پر گرنیوالے موبائل اور پیسے محفوظ رہے

میری روٹین ہے کہ میں جب بھی گھر سے کہیں جانے کیلئے نکلتا ہوں تو 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ ایک بار آخری 6 سورتیں اور 7 بار اذان پڑھ لیتا ہوں۔ پچھلے اتوار کی بات ہے کہ میں اپنے عزیزوں کے گھر گیا ہوا تھا جب واپس آنے لگا تو اس وقت ہلکی ہلکی بارش ہو رہی تھی میں نے ان سے ایک شاپر لے کر اس میں اپنا موبائل اور پیسے ڈال کر جیب میں رکھ لیا اور صرف 11 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر چل پڑا۔ جب ایک کلومیٹر آگے آیا تو مجھے محسوس ہوا کہ میرا شاپر جیب میں نہیں ہے جب چیک کیا تو واقعی کہیں گر چکا تھا۔ میں نے واپسی کا رخ کیا اس دوران ٹریفک بہت زیادہ تھی لیکن میں اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن پڑھتے ہوئے چلتا گیا اور ڈھونڈتا رہا۔ ایک جگہ میں نے دیکھا کہ میرا شاپر جس میں موبائل اور پیسے تھے وہ پڑا ہوا ہے، میں نے اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے اٹھالیا۔ اللہ پاک نے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کی برکت سے میرے موبائل اور پیسوں کی حفاظت فرمائی کہ اس سے کسی گاڑی کا ٹائر نہیں گزر گیا اور جب میں اٹھا چکا تو میرے پیچھے ایک لڑکا تھا اگر ایک سیکنڈ کا بھی فرق پڑ جاتا تو شاید وہ اٹھالیتا۔ (محمد فیاض صاحب)

ایکسیڈنٹ میں ذرا بھی خراش تک نہ آئی

السلام علیکم!

کل کی بات ہے کہ میں انارکلی کے پاس سے گزر رہا تھا سامنے سے موٹر سائیکل آئی اس نے مجھے اٹھا کر دور پھینک دیا۔ اس موٹر سائیکل والے کی ٹانگ ٹوٹ گئی تھی اور اس کا بہت زیادہ خون بہہ رہا تھا۔ سب لوگوں نے اسے دیکھا تو اس کی ٹانگ پر

بہت زیادہ کٹ لگ چکا تھا جب سب نے آکر مجھے دیکھا تو مجھے ذرا بھی خراش تک نہ آئی تھی۔ یہ سب ہر بار گھر سے نکلتے ہوئے 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنے کی برکت سے ہوا ہے۔ **(ابرار افضال صاحب)**

یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنے سے رش ختم ہوگیا

میں یہاں دار القرآن والترتیل میں تجوید پڑھ رہا ہوں۔ بھائی محمد حنیف صاحب نے مجھے یہاں تسبیح خانے کا بتایا تھا۔ ایک بار جب حضرت جی دامت برکاتہم احمد پور شرقیہ میں کا قافلہ لیکر گئے تو مجھے پتہ چلا کہ یہاں بھی درس اور ذکر ہوتا ہے۔ جب میں گھر سے چلا تو راستے میں جنازگاہ چوک کے قریب بہت زیادہ رش تھا میں نے سنا ہوا تھا کہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنے سے رش ختم ہوجاتا ہے۔ میں نے بھی یہ پڑھنا شروع کردیا اس کے پڑھنے کی برکت سے اللہ رب العزت نے مجھے وہاں رش سے نکلنے کا راستہ دے دیا۔ **(میاں علی اکبر صاحب)**

اولاد کی تربیت اور حفاظت

ایک صاحب بتانے لگے کہ میری ایک پانچ سال کی بیٹی اور ایک بیٹا ہے الحمدللہ! ہم نے اپنے بچوں کو ہر کام کیلئے 11 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنے کا بتایا ہوا ہے۔ آج صبح جب میں نے اپنی بیٹی کے سکول بیگ میں کیلا رکھا تو کہنے لگی پاپا آپ اسے میرے ٹفن میں رکھنے کی بجائے سکول بیگ کی سائیڈ والی پاکٹ میں ڈال دیں۔ میں نے کہا اس میں تو خراب ہوجائے گا؟ کہنے لگی پاپا میں یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ لوں گی پھر ان شاءاللہ خراب نہیں ہوگا۔ یہ سن کر مجھے بہت خوشی ہوئی۔ اسی طرح میری اہلیہ نے بیٹے کو کہا کہ بازار سے ڈبل روٹی لے آؤ۔ میں نے کہا بیٹا دھیان سے جانا گلی کے باہر کتا بیٹھا ہوتا ہے۔ بیٹا فوراً بولا پاپا میں یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیتا ہوں۔ یہ سن کر مجھے اتنا سکون محسوس ہوا کہ بیان سے باہر ہے۔ میں نے سوچا اب چاہے اس کتے کا باپ بھی آجائے

پھر بھی ان شاء اللہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کی برکت سے بچے کو کچھ نہیں ہو گا۔

(وقاص طارق صاحب)

برفباری میں پھسلن سے حفاظت

میرا تعلق کراچی سے ہے مگر میں پچھلے کئی سالوں سے لندن میں مقیم ہوں اور لندن سے تسبیح خانے میں درس سننے آیا ہوں۔ پہلے میں آن لائن درس سنتا تھا انہی دروس میں سے ایک درس میں مَیں نے 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کا عمل سنا تھا۔ پچھلے تین چار دنوں سے لندن میں بہت زیادہ برفباری ہو رہی ہے جس کی وجہ سے تمام سڑکوں اور راستوں میں بہت پھسلن ہوتی ہے کیونکہ جب راستوں پر برف جم جاتی ہے تو زمین کی اوپری سطح نہایت سلپنگ والی ہو جاتی ہے۔ میرے گھر سے اسٹیشن تک کا فاصلہ تقریباً 15 منٹ کی مسافت پر ہے اور وہ ایسا راستہ ہے جہاں سے میں 2,3 مرتبہ پھسل کر گر چکا تھا اور بندہ جب گرتا ہے تو برف بہت زور سے لگتی ہے۔ جب سے میں نے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ گھر سے نکلتے وقت 11 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنایا ہے تب سے میں محفوظ ہو گیا ہوں۔ حالانکہ اس دن بھی چلتے ہوئے میں راستے میں چار بار پھسلا لیکن الحمدللہ! ہر بار گرنے سے بچ گیا۔ **(جاوید صاحب، لندن)**

کمزور طالبعلم کے امتحان میں 75 فیصد نمبر

میں بتانا چاہتا ہوں کہ حضرت خضر علیہ السلام کی کنیت جس کو یاد ہو اس کا خاتمہ بالخیر ہوتا ہے۔ ان کی کنیت ہے ''ابو العباس ولیہ بن ملکان'' اس کے علاوہ میری والدہ آپ دامت برکاتہم کے پاس آئی تھیں انہیں آپ دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ گھر سے نکلنے سے پہلے سب گھر والے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ 11 مرتبہ پڑھا کریں۔ میں جب پیپر دینے کیلئے جاتا تو یہ پڑھ لیتا تھا پھر پیپر شروع کرنے سے پہلے اور درمیان میں بھی مسلسل یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھتا تھا۔ میں پڑھائی میں نالائق ہوں لیکن اس عمل کی برکت سے پچھلے سال میرے امتحان میں 75 فیصد نمبر آئے ہیں۔ **(اسد صاحب، لاہور)**

اعمال بھولنے سے سفر میں مشکلات

میرا نام نثار احمد ہے اور میں فیصل آباد سے آیا ہوں۔ حضرت دامت برکاتہم کا جھنگ میں جو درس ہوا تھا اس میں شرکت کیلئے میں نے اپنے ایک دوست کو کہا کہ ہم نے درس سننے جھنگ جانا ہے۔ درس کا ٹائم 10 بجے تھا جو ہمیں میسج پر موصول ہوا تھا۔ جب ہم جھنگ جانے کیلئے نکلے تو ہماری موٹر سائیکل پنکچر ہوگئی اور دکان والے نے پنکچر لگانے سے انکار کر دیا ہمارے پاس پیسے بھی نہیں تھے کہ نئی ٹیوب ڈلوالیں۔ میں نے اپنے دوست سے کہا کہ ہم نے حفاظت والے اعمال نہیں پڑھے اب ہم يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ اور آیت الکرسی پڑھتے ہوئے جائیں گے۔ ہم نے ویسے ہی ٹائر میں ہوا بھروائی اور یہ عمل کیا تو ہم آپ کے درس میں 11.30 بجے پہنچ گئے۔ جب ہم شام کو درس سے واپس آنے کیلئے نکلے تو میرے دوست نے مجھے باتوں میں لگا لیا اور ہم حفاظتی عمل کرنا بھول گئے۔ ہماری موٹر سائیکل خراب ہوگئی جہاں نزدیک کوئی سروس اسٹیشن نہیں تھا ہم 1 کلومیٹر پیدل چل کر آگے آئے تو وہاں ایک پٹرول پمپ تھا جہاں مکینک نے دیکھ کر بتایا کہ آپ کی موٹر سائیکل میں نہ تو پٹرول ہے اور نہ ہی موبائل آئل۔ ہم نے وہاں سے تھوڑا سا پٹرول ڈلوایا تو اس کی ایکسیلیٹر والی تار ٹوٹ گئی اور وہاں تار ڈالنے والا بھی نہیں تھا اچانک مجھے یاد آیا کہ ہم نے حفاظت والے عمل پڑھنا چھوڑ دیئے تھے۔ ہم نے يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھ کر دوبارہ کک ماری تو وہ سٹارٹ ہوگئی اور ہم اعمال پڑھتے واپس اپنے گھر فیصل آباد پہنچ گئے۔

(نثار احمد صاحب، فیصل آباد)

حادثے میں ہڈیاں ٹوٹنے سے بچت

السلام علیکم! میں لاہور شادمان میں کسی کام کے سلسلہ میں جا رہا تھا کہ اچانک ایک طرف سے موٹر سائیکل آئی جو مجھے ایسے لگی جیسے یہ میرے اوپر چڑھ گئی ہے۔ جب موٹر سائیکل مجھ سے ٹکرائی تو ایک دم میرے منہ سے يَاحَفِيظُ نکلا اور مجھے پتہ نہیں چلا

کہ موٹر سائیکل کہاں سے گزر گئی ہے۔ میں نے بعد میں سوچا کہ میں نے تو حفاظت والے اعمال کیئے ہوئے تھے اس لئے مجھے کچھ بھی نہیں ہوا۔ حالانکہ جتنی سپیڈ سے موٹر سائیکل لگی تھی اس سے لگتا تھا کہ کوئی نہ کوئی ہڈی وغیرہ ٹوٹ جاتی۔

(آصف امیر صاحب، خوشاب)

گاڑی کا شیشہ صحیح سلامت ملا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میں نے ابھی پرسوں یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کا مشاہدہ کیا ہے کہ میں گھر سے گاڑی پر نکلتے ہوئے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر نکلا تو اچانک روڈ پر میرا سائیڈ مرر ٹوٹ کر سڑک پر گر گیا۔ میں نے کہا وہ بالکل ٹوٹ چکا ہوگا۔ میں واپس گیا (میری گاڑی کے پارٹس پاکستان میں نہیں ملتے، جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوا اور کہا کہ اب مصیبت پڑ گئی ہے) اور جا کر شیشہ اٹھایا تو وہ صحیح سلامت تھا۔ اللہ پاک نے اپنے نام کی برکت سے میرا نقصان ہونے سے حفاظت فرمائی۔ **(ت۔ ح، لاہور)**

کنڈیکٹر گاڑی کے نیچے آنے سے بچ گیا

السلام علیکم! میرا نام نبیل احمد ہے اور میرا تعلق لاہور سے ہے۔ ہمارا اکثر اوقات سفر پر جانا ہوتا ہے۔ کچھ دن پہلے کی بات ہے جب ہم سفر پر نکلے تو مسنون دعا جو روٹین سے پڑھتے ہیں اور ساتھ گیارہ مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھا اور کچھ صدقہ بھی کیا۔ راستے میں ایک سائیکل سوار اچانک ہماری گاڑی کے آگے آگیا اور ٹکرانے سے دور جا گرا۔ ہم نے باہر نکل کر دیکھا تو اسے کچھ بھی نہیں ہوا تھا اور گاڑی بھی صحیح سلامت تھی۔ پھر فیصل آباد سے واپسی پر ہماری گاڑی کے آگے ایک بس جا رہی تھی اور ہماری گاڑی بھی تقریباً 90 کی سپیڈ پر تھی، بس ڈرائیور نے اچانک سواری دیکھ کر بریک لگا دی اور کنڈیکٹر نیچے اتر گیا ہمارے ڈرائیور نے ایک دم سے گاڑی سائیڈ سے نکال لی اور وہ کنڈیکٹر خود کو دیکھ کر حیران ہو گیا کہ میں کیسے بچ گیا۔ یہ سب ان مسنون دعاؤں کی برکت سے ممکن ہوا

ہے کہ اللہ پاک نے تین چار جگہوں پر حادثے سے حفاظت فرمائی ایسے بچایا کہ جو ناممکن تھا اور ہماری سوچ سے بھی بالاتر ہے کہ ہم کیسے بچ گئے؟ (نبیل احمد صاحب، لاہور)

یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھنے سے بچے کو گیند واپس مل گئے

السلام علیکم! میرا نام محمد یعقوب بھٹی ہے اور میں راولپنڈی سے آیا ہوں۔ میرے پوتے نے عبقری میں پڑھا تھا کہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنے سے کوئی چیز گم نہیں ہوتی۔ میں نے اسے کہا کہ تمہاری گیندیں گم ہو جاتی ہیں تم یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھ کر 7 مرتبہ دم کیا کرو۔ اس نے تین گیندوں پر پڑھ کر دم کر دیا اور کھیلنے کے دوران ہمسائیوں کے گھر میں گر گئیں جنہوں نے واپس نہ دیں۔ اس نے آ کر اپنی والدہ کو بتایا تو انہوں کہا کہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھتے ہوئے جا کر ان کا دروازہ کھٹکھٹاؤ۔ بچے نے جا کر ایسا ہی کیا تو انہوں نے اس کی تینوں گیند واپس کر دیئے۔ بچہ اس عمل کی برکت سے بہت خوش ہوا اور اب وہ مسلسل یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھتا رہتا ہے۔ (محمد یعقوب بھٹی صاحب، راولپنڈی)

بیہوش خاتون خود ہی اٹھ کر چل پڑی

حضرت دامت برکاتہم سے میں نے حفاظت کیلئے ایک عمل سنا تھا کہ 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ اور ایک مرتبہ چاروں قل پڑھنے ہیں۔ یہ عمل حضرت دامت برکاتہم نے ڈینگی بخار سے حفاظت کے سلسلے میں بتایا تھا۔ مجھے اس کا تجربہ ڈینگی بخار میں بھی ہوا۔ میرے بچے کو ڈینگی کا 3 مرتبہ اٹیک ہوا میں نے یہی عمل پڑھا اور بچے کو بھی کہا کہ بیٹا آپ خود بھی یہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک مارلو۔ الحمدللہ! اس کے پھونک مارنے کی دیر تھی کہ اسے آرام آ گیا۔ جبکہ میں نے تقریباً 25 سو روپے کے ٹیسٹ بھی کرائے تھے، ڈاکٹروں نے کہا کہ اگلے ہفتے آپ کو کچھ تجاویز دیں گے۔ میں نے کہا بیٹا ڈاکٹر تو بعد میں کچھ کریں گے ہم پہلے ہی کچھ کر لیتے ہیں۔ عمل کرنے کے بعد جب ڈاکٹر کو دکھایا تو اس نے کہا کہ سب ٹھیک ہے۔ ابھی 2 دن پہلے کا واقعہ ہے کہ میری دکان پر ایک بزرگ خاتون آئیں ان کا دل گھبرا رہا تھا اور اچانک ان کا بلڈ پریشر خدا جانے کم

یا زیادہ ہو گیا وہ بالکل ہی ہاتھ پاؤں چھوڑ بیٹھیں۔ ہم چار پانچ لوگوں کے ہاتھ پاؤں پھول گئے اور ہماری سمجھ میں کچھ نہ آیا۔ میں نے کہا یا کریم! عورت ذات ہے ہم کیسے سنبھالیں اور کیا کریں۔ میں نے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ اور آخری 4 قل والا عمل ساتھ والوں کو بھی بتایا اور خود بھی پڑھا ایک دفعہ پڑھنے کے بعد خاتون کی طبیعت کچھ سنبھلی۔ میں نے سوچا یا تو مجھ سے ٹھیک طرح پڑھا نہیں گیا یا پورا نہیں پڑھا۔ میں نے پھر یقین سے یہی پڑھا اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ خاتون کھڑی ہو گئی۔ ان کو ایک قے آئی اور اس کے بعد وہ چل پڑی۔ یہ سب اعمال کی برکت ہے جو اللہ پاک نے حضرت دامت برکاتہم کے طفیل ہمیں عطا فرمائے ہیں۔ **(محمد خرم صاحب، لاہور)**

خوفناک حادثے سے حفاظت

میں جب گھر سے نکلنے لگتا ہوں تو مسنون دعا کے ساتھ 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ 3 مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ اور 3 مرتبہ ''بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ'' پڑھ لیتا ہوں۔ ایک دن میں ٹریفک اشارے پر کھڑا تھا کہ میری موٹر سائیکل اور ایک گاڑی کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ تھا۔ اتنے میں پیچھے سے ایک تیز رفتار رکشہ آیا اور وہ گاڑیوں کو کراس کرتا ہوا میرے قریب سے گزرا اور سامنے جا کر ایک دیوار میں لگا۔ اس رکشے کی بریک فیل ہو چکی تھی اور جب وہ دیوار میں لگا تو مجھے بس چھوتا ہوا گزرا۔ اللہ پاک نے اس خوفناک حادثے سے میری حفاظت فرمائی۔ **(ساجد الیاس صاحب)**

ڈینگی کا مریض بچ گیا

میرے ایک دوست کو ڈینگی بخار ہو گیا تھا جسے اٹھا کر ہسپتال لے گیا۔ وہاں جا کر مسئلہ اور بڑھ گیا اور اس کی حالت زیادہ خراب ہو گئی اسے جوس وغیرہ پلاتے رہے۔ میں نے اسے کہا کہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھو اور رات 2 بجے میں گھر آ گیا۔ اگلے دن صبح جب دوبارہ گیا تو اس نے کہا کہ رات سے لیکر اب تک میں نے تقریباً 5 ہزار مرتبہ

یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھ لیا ہے اس عمل کی برکت سے الحمدللہ! میں بچ گیا ہوں۔

(نصیر احمد صاحب)

سب امراض سے اللہ پاک نے شفاء دیدی

السلام علیکم! میرا نام محمد حماد ہے۔ مجھے عرصہ 6 سال سے یورک ایسڈ کی تکلیف تھی۔ تقریباً دو ماہ پہلے مجھے کمر میں پچھلے حصے پر شدید درد ہوئی جو اتنی شدید تھی کہ میں آرتھوپیڈک ڈاکٹر سے میڈیسن لے کر کھاتا رہا لیکن کوئی افاقہ نہ ہوا اور ساتھ ہی مجھے گردوں کی تکلیف بھی شروع ہوگئی۔ الحمدللہ! دو سال سے زیادہ کا عرصہ ہوگیا ہے مجھے تسبیح خانے میں آکر درس سنتے ہوئے۔ ایک بار حضرت صاحب نے اپنے درس کے دوران اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف کے ساتھ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنے کا بتایا تھا۔ الحمدللہ! میں نے اس دن سے یقین کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا کیونکہ حضرت صاحب نے فرمایا تھا کہ یقین سے ہی سب کچھ بنتا ہے۔ میں نے شروع کیا اور دوائی کھانا چھوڑ دی اور صبح شام عمل کر کے اپنے اوپر پھونک مار لیتا۔ اس کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے سب امراض سے شفاء دے دی ہے۔ **(محمد حماد صاحب)**

لاری اڈے پر بھولے ہوئے سامان کی حفاظت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

میرا نام محمد آصف ہے۔ 23 مارچ کی بات ہے کہ میں نے ڈیرہ غازی خان سے ویگن میں بیٹھ کر مظفر گڑھ اترنا تھا اور گاڑی میں بیٹھتے ہوئے اعمال کر کے سو گیا اور جہاں اترنا تھا اس سٹاپ سے 5 سیکنڈ پہلے میری آنکھ کھل گئی اور میں آرام سے اتر گیا۔ بعد میں مَیں نے سوچا کہ میرا شاپر کہاں گیا ہے؟ مجھے یاد آیا کہ وہ تو ادھر لاری اڈے پر ہی رہ گیا ہے۔ مجھے یقین تھا کہ اسے کچھ نہیں ہوگا کیونکہ میں نے اس پر گیارہ مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھا ہوا تھا۔ میں نے اسی وقت اپنے ایک دوست کو فون کیا کہ میں فلاں لاری اڈے پر سامان بھول گیا ہوں تم جا کر لے لو ان شاء

اللہ وہیں پر بحفاظت پڑا ہوگا۔ اس نے اپنی دکان سے ایک لڑکے کو بھیجا تو اسے وہ شاپر اللہ پاک کے کرم اور اعمال کی برکت سے وہیں سے مل گیا۔

(محمد آصف صاحب، ڈیرہ غازی خان)

کئی سالوں کے مقدمات کا فیصلہ

ہمارے اوپر کئی سالوں سے مقدمات چل رہے تھے جس کیلئے تمام گھر والوں نے یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ کی تسبیح پڑھنا شروع کردی۔ اس کی برکت سے اللہ پاک نے ایسی آسانیاں پیدا کیں جو وہم وگمان میں نہیں تھیں۔ تمام گھر والے اس کا اہتمام کررہے تھے کہ اللہ نے ایسا کرم فرمایا اور راستہ بتایا جس سے ہمارے سب مقدمات ختم ہوگئے۔

(ندیم مغل صاحب)

پنکچر موٹر سائیکل ٹھیک ہوگئی

السلام علیکم! میرا روز کا معمول ہے کہ میں یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر گھر سے نکلتا ہوں الحمدللہ! اس کی برکت سے ہر قسم کی حفاظت ملتی ہے۔ ایک بار میں موٹر سائیکل پر دفتر سے گھر جارہا تھا کہ موٹر سائیکل میں ہوا کم تھی میں نے پنکچر والے سے چیک کروایا تو اس نے کہا کہ آپ کی موٹر سائیکل پنکچر ہے اسے یہاں کھڑی کردیں۔ میں نے سوچا کہ میں نے تو حفاظت والا عمل کیا ہوا ہے۔ میں نے اسے کہا کہ آپ بس ہوا بھر دیں۔ اس نے ہوا بھر دی اور میں ٹھیک حالت میں گھر پہنچ گیا اور کچھ دنوں تک موٹر سائیکل ایسی ہی چلتی رہی۔ (حماد صاحب، لاہور)

خطرناک ایکسیڈنٹ میں اہلیہ کی حفاظت

حضرت صاحب دامت برکاتہم نے ایک بار درس میں فرمایا تھا کہ گھر سے نکلتے وقت یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیا کرو۔ میرا معمول ہے کہ اسمائے حسنیٰ ضرور پڑھ لیتا ہوں۔ ایک دن میں اپنی اہلیہ کو لے کر شیخ زید ہسپتال جارہا تھا کہ راستے میں بہت خطرناک ایکسیڈنٹ ہوگیا۔ میری اہلیہ (Pragnent) تھی اگر وہ گرجاتی تو شدید

نقصان ہوجاتا لیکن اسے ایسے محسوس ہوا جیسے کسی نے اسے پکڑ کر فٹ پاتھ پر کھڑا کردیا ہے۔ یہ صرف اور صرف یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنے کی برکت ہے جو ہم ایکسیڈنٹ کے دوران بھی حفاظت میں رہے۔ **(ن۔ الف، لاہور)**

دوسروں کی نسبت پانی میں سے گزر گیا

میرا اخبار کا کام ہے میرا ایک یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ کے عمل کا واقعہ ہے کہ 14 اگست کو بہت زیادہ بارش ہوئی تھی میری موٹر سائیکل عموماً پانی میں بند ہوجاتی ہے۔ میں بارش کے دوران یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھتا رہا اور راستے میں جتنا بھی گہرا پانی آیا اس میں آرام سے گزر گیا۔ جبکہ کئی لوگ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر پانی میں پھنسے ہوئے تھے۔ اگر تمام اعمال سچے دل سے کیے جائیں تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے حفاظت فرماتے ہیں۔ **(محمد مظہر رفیق صاحب)**

بچہ چھت سے گرنے سے بچ گیا

السلام علیکم! میرا نام عابد ہے اور میں مانسہرہ سے آیا ہوں۔ میں روزانہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ اور گھر سے نکلنے والی مسنون دعائیں پڑھ کر نکلتا ہوں۔ اس کی برکت سے میرا اڑھائی سال کا بیٹا چھت سے گرتے گرتے بچا ہے۔ اس کے دونوں ہاتھ چھت کے کناروں کو پکڑے ہوئے تھے اور وہ لٹک رہا تھا اور زور زور سے چیخیں مار رہا تھا۔ میری چھوٹی بیٹی جس کی عمر 8 سال ہے اس نے دیکھا تو اس نے چھت پر جاکر لیٹ کر اسے اوپر کھینچ لیا۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک نے میرے بچے کو گرنے سے بچالیا ہے۔ **(عابد صاحب، مانسہرہ)**

یَاحَفِیظُ کی برکت سے حادثے سے حفاظت ہوئی

السلام علیکم!

میرا نام محمد یوسف ہے۔ پچھلے اتوار کی بات ہے کہ میں اپنے دوست کے ساتھ کسی مریض کی عیادت کرنے کیلئے جنرل ہسپتال جارہا تھا۔ جب ہم قینچی پل پر پہنچے تو ایک

لڑکا اور لڑکی موٹر سائیکل پر جا رہے تھے جنہیں کسی گاڑی والے نے سائیڈ کروائی اور وہ ہمارے آگے کچھ ہی فاصلے پر بہت بری طرح گر گئے۔ میں نے انہیں دیکھتے ہوئے فوراً بریک لگائی تو میری موٹر سائیکل بالکل ان کے سر کے پاس جا کر رک گئی اور ہم ان کے ساتھ ٹکرانے سے بچ گئے۔ اگر ہم ٹکرا جاتے تو بہت بڑا حادثہ ہونا تھا کیونکہ وہ دونوں پہلے ہی بہت بری طرح زخمی ہو چکے تھے۔ میرا دوست کہنے لگا کہ ہم بال بال بچے ہیں۔ میں نے کہا ہمیں کچھ نہیں ہونا تھا کیونکہ میں نے گھر سے باہر نکلتے وقت یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کا مسنون عمل کیا ہوا تھا یہ سب اس کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔

(محمد یوسف صاحب، لاہور)

گمشدہ موبائل خود بخود آ کر دیدیا

میرا نام محمد سلیمان ہے اور میں معمار ہوں۔ آج کا واقعہ ہے کہ ایک جگہ تعمیراتی کام کرتے ہوئے جب میں دوپہر کا کھانا کھانے اور ظہر کی نماز پڑھنے کیلئے نکلا تو ایک جگہ کھانا کھانے کے بعد اپنا موبائل وہیں بھول گیا۔ وہاں سے آگے نماز پڑھنے چلا گیا اور نماز پڑھنے کے بعد جب میں نے جیب میں ہاتھ ڈالا تو موبائل غائب تھا۔ میں بہت پریشان ہوا کہ نہ جانے موبائل کس نے اٹھایا ہوگا۔ بہرحال مجھے حضرت جی دامت برکاتہم کا فرمایا ہوا ایک عمل یاد آیا۔ میں نے فوراً سانس روک کر 7 بار یَاحَفِیْظُ پڑھ کر تصور میں ہی موبائل پر پھونک ماردی اور پھر مسلسل اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن پڑھتا رہا۔ کچھ دیر بعد میں نے اپنے استاد جی سے پوچھا کہ آپ نے تو کہیں میرا موبائل نہیں دیکھا؟ وہ کہنے لگے کہ مجھے تو علم نہیں ہے۔ ان کے ساتھ کام کرنے والوں نے بھی لاعلمی کا اظہار کر دیا۔ پھر میں نے دل ہی دل میں اللہ پاک سے عرض کی کہ یا اللہ! میں نے تو اعمال کیے ہوئے ہیں پھر میرا موبائل اِدھر اُدھر کیسے ہوسکتا ہے۔ اللہ کا فضل ہے کہ اسی وقت کسی نے لا کر مجھے میرا موبائل پکڑا دیا۔

(محمد سلیمان صاحب، فیض پور خورد)

ہر قسم کے شر اور حادثے سے حفاظت

ایک بار درس میں حضرت جی دامت برکاتہم نے ارشاد فرمایا تھا کہ 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنے سے حفاظت اور برکت حاصل ہوگی۔ تقریباً 2 سال ہوگئے ہیں کہ میں گھر سے نکلتے ہوئے یہ لازمی پڑھتا ہوں چاہے اور سب کچھ بھول جاؤں لیکن یہ پڑھنا نہیں بھولتا۔ اس کی برکت سے میرا آج تک نہ تو کسی سے جھگڑا ہوا ہے اور نہ ہی کبھی کوئی نقصان ہوا ہے اور ہر وقت ایک حفاظتی حصار میں محفوظ رہتا ہوں۔

(محمد عثمان صاحب، لاہور)

11 ہزار KV کا کرنٹ لگنے سے حفاظت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

میں روزانہ گھر سے نکلتے وقت 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنے کا اہتمام کرتا ہوں۔ اس کے بہت فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ ایک بار میں نے پہلے بھی اپنا مشاہدہ بیان کیا تھا کہ میں واپڈا میں ملازم ہوں اور ایک بار پول پر کام کرتے ہوئے مجھے 11 ہزار KV کا شارٹ لگا تھا اور میں اتنے شدید حادثے کے باوجود بھی محفوظ رہا۔ یعنی میرا یقین مزید مضبوط ہوگیا کہ 11 ہزار KV کے کرنٹ سے پہنچنے والے نقصان سے بڑی طاقت 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنے میں ہے جس کے پڑھنے کی بدولت اللہ پاک نے مجھے بچایا ہے۔ **(دلاور بٹ صاحب)**

ایکسیڈنٹ ہونے سے بال بال بچا

السلام علیکم! گھر سے نکلتے وقت 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنے کے 2 مشاہدات بتانا چاہتا ہوں کہ ایک دفعہ میں نے ایک جگہ جلدی پہنچنا تھا اور موٹر سائیکل بڑی سپیڈ سے چلا رہا تھا کہ اچانک سامنے ایک گاڑی آگئی اور میرے بریک لگانے کے باوجود بھی موٹر سائیکل نہ رکی اور نہ ہی اس نے رکنا تھا۔ دل میں آیا کہ اب ایکسیڈنٹ ہونا لازم ہے۔ میں نے آنکھیں بند کیں تو ایسے محسوس ہوا جیسے کسی نے آکر

گاڑی کو ہٹا کر سائیڈ پر کر دیا ہو اور میں وہاں سے عافیت کیساتھ گزر گیا۔

(حسن ہاشمی صاحب، لاہور)

130 کی سپیڈ پر گاڑی کا ٹائر پھٹنے پر حفاظت

ہم جب بھی کہیں سفر پر جاتے ہیں تو 11 بار یَا حَفِیۡظُ یَا سَلَامُ پڑھ لیتے ہیں جس کی برکت سے اللہ پاک حفاظت فرماتا ہے۔ ایک بار ہم 11 افراد ایک بڑی گاڑی میں سفر کر رہے تھے جس کی سپیڈ 120 کلومیٹر فی گھنٹہ تھی۔ اچانک گاڑی کا ٹائر پھٹ گیا اور گاڑی ایک دم ہلی اور پھر آہستہ آہستہ خود ہی رک گئی اور ہم سب بحفاظت رہے اور کوئی نقصان نہ ہوا۔ یہ سب 11 بار یَا حَفِیۡظُ یَا سَلَامُ کی برکت سے اللہ پاک نے حفاظت فرمائی۔

(حسن ہاشمی صاحب، لاہور)

جوتے میں کانچ کا ٹکڑا گھسنے سے کچھ نہ ہوا

کل رات ایک ساتھی کے ساتھ میں اپنے آفس سے گھر کیلئے نکلا تو میں نے نکلتے ساتھ ہی 11 بار یَـا حَـفِـیۡـظُ یَـا سَلَامُ پڑھ لیا اور جس وقت پڑھ رہا تھا تو ساتھ آپ دامت برکاتہم کو بھی یاد کر رہا تھا اس عمل کے بارے میں بھی سوچ رہا تھا کہ ہم پہلے بھی سفر کیا کرتے تھے لیکن جب سے یہ عمل ملا ہے تب سے بہت زیادہ حفاظت اور برکات حاصل ہو رہی ہیں۔ ان باتوں کو سوچتے سوچتے میں گھر کے قریب سٹاپ پر آ گیا۔ اس دوران بارش ہو رہی تھی میں نے سلیپر پہنے ہوئے تھے میں آہستہ آہستہ ٹہلنے کے انداز میں چلتا ہوا گھر پہنچا اور جا کر وہ سلیپر اتار دیئے۔ وہ جوتے کسی اور نے پہن لئے لیکن جیسے ہی اس نے پہنے اس نے فوراً اتار دیئے کیونکہ اس کے پاؤں کو کانچ چبھنے کا احساس ہوا تھا۔ اس نے اتار کر دیکھا تو اس میں ایک انچ سے بھی بڑا کانچ کا ٹکڑا تھا جبکہ جوتے کا سول ایک انچ موٹا تھا اور کانچ کا ٹکڑا اس سول سے بھی باہر نکلا ہوا تھا۔ انہوں نے آواز دے کر پوچھا یہ گیلا جوتا کس نے اتارا ہے؟ میں نے کہا کہ میں نے۔ کہنے لگے تمہیں بالکل ہوش ہی نہیں ہے یہ دیکھو اتنا بڑا کانچ کا ٹکڑا تمہارے جوتے سے

نکلا ہے جلدی سے اپنا پاؤں دیکھو کہیں کٹ نہ لگ گیا ہو؟ میں بھی جوتے میں کانچ کا ٹکڑا دیکھ کر حیران تو ہوا لیکن اسی لمحے میں نے سب گھر والوں کے سامنے یہ بات کہی کہ مجھے کچھ بھی نہیں ہوسکتا تھا۔ سب پوچھنے لگے کیوں تمہیں کیوں نہیں کچھ ہوسکتا تھا؟ میں نے سب کو بتایا کہ میں نے آفس سے نکلتے وقت 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ حضرت جی دامت برکاتہم کو یاد کرتے ہوئے اور اس عمل کی حقیقت کو سمجھتے ہوئے کیا تھا۔ یہ سن کر بے ساختہ حضرت جی دامت برکاہم کیلئے دعائیں نکلیں۔ جزاک اللہ!

(عرفان عارف صاحب، لاہور)

اکثر ایکسیڈنٹ میں مجھے کچھ نہیں ہوتا

میں نے ہر بار گھر سے نکلتے وقت مسنون دعا اور 11 بار یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنے کا معمول بنایا ہوا ہے۔ اس کی برکت سے میں کئی بار نقصان سے بچا ہوں، میرے بہت ایکسیڈنٹ ہوئے جن میں موٹر سائیکل کا تو نقصان ہوا لیکن الحمدللہ! مجھے کچھ نہیں ہوا۔

(محمد یوسف صاحب)

حادثے میں غیبی مدد نے سنبھالا دیا

السلام علیکم! چند دن پہلے کی بات ہے کہ میں موٹر سائیکل پر کہیں جارہا تھا کہ اچانک تین بچے آگے آگئے میں نے بریک لگائی تو موٹر سائیکل سلپ ہوگئی میرا دایاں گھٹنا نیچے لگنے ہی والا تھا کہ اچانک کسی غیبی طاقت نے مجھے اٹھا کر سیدھا کردیا۔ میں نے سوچا کہ 11 بار یَاحَفِیظُ یکسَلَامُ پڑھا ہوا تھا جس کی برکت سے میرا ایکسیڈنٹ ہونے سے بچ گیا۔

خراب سٹارٹر چند ہی سیکنڈ میں چل پڑا

ابھی کل کی بات ہے کہ فیکٹری میں موٹر کا کپیسٹر نہیں چل رہا تھا اس کیلئے الیکٹریشن کو لینے کیلئے گئے تو وہ نہ ملا۔ بھائی نے موبائل کی لائٹ جلا کر دیکھا تو کپیسٹر کا پیچ کھل کر اندر گر چکا تھا میں نے ایک ہی سانس میں 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھا اور پیچ لگایا تو موٹر فوراً چل گئی۔ **(جاوید چغتائی صاحب)**

غیر قانونی مقیم شخص کی دبئی پولیس سے خلاصی

السلام علیکم! یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ والے کلمات زندگی میں ہر جگہ مدد کرتے ہیں۔ میرا تعلق دبئی سے ہے میرے پاس نان رجسٹرڈ گاڑی تھی جو 3 ماہ سے میں خود ہی چلا رہا تھا۔ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنے کی میری عادت بن چکی ہے۔ دبئی میں ایسا سکیورٹی سسٹم ہے کہ اگر کسی کی گاڑی رجسٹرڈ نہ ہو اور پولیس کی گاڑی قریب آئے تو انہیں پتہ چل جاتا ہے کہ یہ غیر قانونی گاڑی ہے۔ ایک بار دبئی میں میرا ایک دوست جو وہاں پر پانچ سال سے غیر قانونی طور پر مقیم ہے میرے ساتھ گاڑی میں کہیں جا رہا تھا کہ اسی دوران وہاں کی پولیس (شورطہ) کی گاڑی ہمارے پیچھے لگ گئی۔ میرا دوست کہنے لگا کہ لو جی آج تو ہم پکڑے گئے اور پتہ نہیں کب تک جیل کی ہوا کھانی پڑے گی۔ میں نے اسے کہا کہ تم زبان سے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھو اور میں دل میں پڑھتا ہوں۔ پھر دیکھتے ہیں یہ شرطے ہمیں کیسے پکڑتے ہیں۔ یقین جانئے 15,20 منٹ تک وہ ہمارے پیچھے لگے رہے لیکن ہمیں پکڑ نہ سکے اور ہم بچ بچا کر اپنی منزل پر پہنچ گئے۔ میرا یقین ہے کہ اگر آپ اللہ پاک کا کلام کامل یقین کے ساتھ پڑھیں تو اللہ پاک کا کام ہے کہ وہ آپ کی حفاظت کرے۔ (ع۔م، دبئی)

2 موٹر سائیکلیں ٹکرانے کے دوران نقصان سے حفاظت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

کچھ دن پہلے میں موٹر سائیکل پر کہیں جا رہا تھا کہ آگے ایک ٹرک کھڑا تھا جسے اچانک موٹر سائیکل والا کراس کرتا ہوا میرے سامنے آ گیا اور میں بھی ٹرک کو کراس کر رہا تھا جس سے دونوں موٹر سائیکلیں ٹکرا گئیں۔ لیکن نہ اس کو کوئی نقصان ہوا اور نہ ہی مجھے کوئی نقصان پہنچا۔ وہ بہت پریشان سا ہو کر مجھ سے معافی مانگنے لگا اور بولا آپ کو کہیں چوٹ تو نہیں آئی۔ میں نے کہا کہ تم نے تو کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی لیکن میں نے گھر سے نکلتے ہوئے گیارہ بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھا ہوا تھا اس کی برکت

سے ہم دونوں بچ گئے ہیں اور موٹر سائیکلوں کو بھی خراش تک نہیں آئی۔

(محمد آصف اقبال صاحب، منڈی بہاؤالدین)

مشین کی گمشدہ ڈائی 2 دن بعد ہاتھ میں آگئی

پچھلے ہفتے کی شام بجلی بند ہوئی تو میں نے اندھیرے میں ہی اپنی فیکٹری میں ایک مشین کا بٹن دبایا تو اس کی ڈائی اڑ کر کہیں گم ہوگئی۔ میں بہت پریشان ہوا کہ اگر ڈائی نہ ملی تو سارا کام رک جاتا۔ میں نے بھائی کے ساتھ مل کر بہت ڈھونڈی لیکن وہ ڈائی نہیں ملی۔ میں نے خطبات عبقری میں ایک عمل پڑھا تھا کہ 119 بار یَاحَفِیْظُ پڑھنے سے گمشدہ چیزیں مل جاتی ہیں۔ میں نے 119 بار یَاحَفِیْظُ پڑھنے والا عمل 5,4 بار کیا لیکن ڈائی نہ ملی۔ پھر میں نے گھر جا کر روحانی غسل کیا اور ایک بار پھر 119 بار یَاحَفِیْظُ والا عمل کیا اور لائٹ آنے پر دوبارہ فیکٹری جا کر ڈھونڈنا شروع کر دیا۔ مجھے یقین تھا کہ اس عمل کی برکت سے ضرور مل جائے گی۔ میں گھر آ کر اسی یقین سے سو گیا صبح جب کاریگر آیا تو میں نے اسے رات والا واقعہ بتایا تو وہ کہنے لگا چلو ڈھونڈ لیتے ہیں۔ اس نے جونہی مشین کے نیچے ہاتھ ڈالا تو اس کے ہاتھ میں وہ ڈائی آگئی۔ الحمدللہ! یہ یَاحَفِیْظُ کی برکت سے ممکن ہوا ہے حالانکہ میں کئی بار ڈائی ڈھونڈ چکا تھا۔ (آصف محمود صاحب)

کئی بار کے ایکسیڈنٹ میں حفاظت

میں جب دفتر یا کسی بھی کام کیلئے گھر سے نکلتا ہوں تو 11 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیتا ہوں۔ الحمدللہ! اس کی برکت سے میرا کئی بار ایکسیڈنٹ ہوا لیکن مجھے اس دوران کچھ نہیں ہوا جبکہ جس کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہوتا ہے اسے بہت نقصان پہنچتا ہے۔

(محمد یوسف صاحب، لاہور)

ہر قسم کے شر سے اللہ کی پناہ

یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ صبح وشام گیارہ گیارہ بار پڑھنے سے اللہ پاک سارا دن شیطان کے شر سے انسان کو محفوظ اور اپنی پناہ میں رکھتا ہے اور انسان ہر قسم کے

حادثے سے بچا رہتا ہے۔ میں نے یہ عمل جس کو بھی بتایا الحمدللہ! اسے فائدہ ہی ہوا۔ **(اشتیاق احمد صاحب)**

چوروں، ڈاکوؤں اور حادثات سے حفاظت

گھروں، دفتروں، دکانوں کے دروازوں، موٹر سائیکل، گاڑیوں اور دیگر اشیاء پر يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ لکھنے سے ان شاءاللہ آپ ہر قسم کے حادثات، چوروں، ڈاکوؤں سے محفوظ رہیں گے۔ یہ میرا بہت بار کا آزمودہ عمل ہے اس کی برکت سے میں ہر قسم کی حفاظت میں رہتا ہوں۔ **(الیاس نذیر صاحب)**

حادثے کے دوران کسی کو کچھ نہیں ہوا

میں جب بھی گھر سے باہر نکلتا ہوں تو 11 بار يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھ لیتا ہوں۔ ایک بار میرا موٹر سائیکل کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہو گیا اسی دوران ایک تیز رفتاری گاڑی بھی ہمارے ساتھ آکر ٹکرا گئی اس دوران میرے منہ سے ایک دم يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ نکلا جس کی برکت سے ہم تینوں کو کچھ نہیں ہوا اور ہماری گاڑی، موٹر سائیکل کو ذرا بھی نقصان نہیں ہوا۔ **(ف۔م، لاہور)**

ڈاکوؤں کے وار اور چنگل سے نکل گیا

میرا بیٹا کاروبار کے سلسلے میں جڑانوالہ سے سامان لینے کیلئے لاہور جاتا ہے جسے آتے ہوئے تقریباً رات کے 11,12 بج جاتے ہیں۔ ایک بار وہ سامان لینے گیا ہوا تھا اور میں عشاء کی نماز پڑھ کر گھر گیا تو گھر والے کہنے لگے کہ بیٹے کا پتہ کریں وہ ابھی تک نہیں آیا۔ میں نے وہیں بیٹھے بیٹھے 11 بار يَاحَفِيظُ يَاسَلَامُ پڑھ کر اس کی حفاظت کی نیت سے ہدیہ کر دیا اور تصور کر کے پھونک مار کر گھر والوں سے کہا کہ آپ فکر نہ کرو اور سو جاؤ وہ خیر و عافیت سے آجائے گا۔ جب وہ گھر آیا تو بہت بدحواس تھا میں نے اسے پوچھا تو کہنے لگا کہ آج راستے میں ڈاکوؤں نے مجھے گھیرا ڈال لیا تھا لیکن میں نے گاڑی نہیں روکی انہوں نے مجھے پر کلہاڑی سے وار کیا لیکن مجھے ایسے

محسوس ہوا کہ جیسے کسی غیبی طاقت نے مجھے اپنی پناہ میں لے لیا ہے اور میں وہاں سے صحیح سلامت نکلنے میں کامیاب ہو کر بخیر و عافیت گھر پہنچ گیا ہوں۔ جب اس سے میں نے واقعہ کا ٹائم پوچھا تو وہی ٹائم تھا جب میں نے یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر اسے پھونک ماری تھی۔ یہ سب اللہ پاک کے کرم اور اس عمل کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔

(محمد اسلم زیدی صاحب، جڑانوالہ)

خراب ٹائروں والی گاڑی پر دور دراز کا سفر

چار تاریخ کا واقعہ ہے کہ مَیں نے ایک کیس کے سلسلے میں پتوکی جانا تھا میرا کلائنٹ بھی میرے ساتھ تھا اور میں اپنی گاڑی پر جا رہا تھا لیکن میری گاڑی کی ایکسٹینشن کا کام ہونے والا تھا۔ چلتے چلتے اچانک میری گاڑی کے فرنٹ والے دونوں ٹائر ٹیڑھے ہو گئے اور ٹائروں سے بہت عجیب قسم کی آوازیں آنا شروع ہو گئیں۔ میں نے سپیڈ آہستہ کر دی کہ چلو کسی نہ کسی طریقے سے منزل پر پہنچ جائیں گے اس کے ساتھ ہی 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیا۔ پاس سے ایک موٹر سائیکل والا گزر رہا تھا اس نے آواز دے کر کہا کہ بھائی جی! آپ کی گاڑی کے ٹائر باہر کی طرف نکلے ہوئے ہیں۔ میں نے گاڑی ایک سائیڈ پر روک کر دیکھا تو واقعی ٹائر باہر کی طرف نکلے ہوئے تھے۔ میں نے فوراً 11 بار یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھ کر ان ٹائروں پر پھونک ماردی اور گاڑی لے کر چل پڑا الحمدللہ! اس کی برکت سے گاڑی کو کچھ بھی نہیں ہوا اور ہم اپنی منزل تک پہنچ گئے۔

(توقیر چوہدری صاحب ایڈووکیٹ)

گمشدہ پیسے واپس مل گئے

السلام علیکم! میرا نام محمد معراج دین ہے۔ کچھ دن پہلے میں گھر والوں کو کچھ خرچہ وغیرہ دیکر دفتر چلا گیا۔ جب رات کو دفتر سے واپس آیا تو میری بیٹی کہنے لگی پاپا آپ جو پیسے دے کر گئے تھے وہ گم ہو گئے تھے۔ ہم نے اس کیلئے یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھا تو ہماری ضرورت انہی پیسوں سے پوری ہو گئی۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ الحمدللہ! یہ

وظیفہ بہت ہی مجرب ہے۔ میں نے جس چیز پر اس کو پڑھا ہے الحمدللہ! اس میں کبھی نقصان نہیں ہوا۔ **(محمد معراج دین صاحب، لاہور)**

یاحفیظ یاسلام سے کیش پورا نکلنے لگا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

حضرت جی عبقری سے میرا تعلق بہت پرانا ہے اور میرے تمام گھر والے یہاں تسبیح خانے میں آتے رہتے ہیں۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میرا ایک کولیگ کاؤنٹر پر کیشئر ہے جب بھی وہ رات کو کیش کاؤنٹر کلوز کر کے حساب کرتا ہے تو کیش کبھی بھی پورا نہیں ہوتا اور اسے جرمانے وغیرہ پڑتے رہتے تھے۔ میں نے اسے کہا کہ یار آپ صرف دو الفاظ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیا کرو۔ کہنے لگا میں نے ایسے بہت نام پڑھے ہیں مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ میں نے کہا صرف 11 بار ہی پڑھ لیا کرو۔ اس نے پڑھ لیا اور کیش کاؤنٹر پر کھڑا ہو گیا۔ رات کو جب کاؤنٹر کلوز کرنے لگا تو حساب کتاب کر رہا تھا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ آج کیا بنا؟ خوش ہو کر بتانے لگا کہ یار واقعی یہ الفاظ بہت ہی لاجواب ہیں اس کی برکت سے میں نے بہت سے لوگوں کو پیسے زیادہ واپس دے دیئے تھے اور وہ لوگ خود آ کر مجھے کہنے لگے کہ بھائی جی آپ نے ہمیں بقایا پیسے زیادہ دے دیئے ہیں۔ الحمدللہ! اس کی برکت سے میرا کیش اب پورا ہونا شروع ہو گیا ہے۔

(ع۔ق، لاہور)

مال سپلائی کرنے کیلئے کنٹینر اور ٹریلر مل گئے

السلام علیکم! میرا نام نعمان ہے اور میرا کام ٹرانسپورٹ سے وابستہ ہے۔ آج صبح کراچی میں مجھے مال سپلائی کرنے کیلئے ٹرالر نہیں مل رہے تھے۔ میں نے اس کیلئے یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھنا شروع کر دیا جس کے پڑھنے کی برکت سے الحمدللہ! مجھے صرف آدھے گھنٹے کے اندر ضرورت کے مطابق ٹرالر ملنا شروع ہو گئے۔ میرے دوست نے بھی مجھے فون کیا کہ مجھے یہاں کنٹینر نہیں مل رہے تم کچھ کر دو۔ میں نے

اس کیلئے بھی یَـاحَـفِـیظُ یَـاسَلَامُ پڑھا تو اسے بھی ٹرالر اور کنٹینر مل گئے۔ جس پر ہم نے اپنا سامان لوڈ کر کے لوگوں کو بھجوانا شروع کر دیا۔ الحمد للہ!

(نعمان صاحب، کراچی)

ایکسیڈنٹ میں دونوں بھائیوں کو خراش تک نہ آئی

السلام علیکم! ایک بار میں اور میرا بھائی دکان بند کر کے موٹر سائیکل پر واپس آ رہے تھے کہ راستے میں ہمارا گاڑی کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہو گیا اور ہم دونوں گر گئے۔ جب ہم گر کر اٹھے تو ہم نے دیکھا کہ کہیں کوئی چوٹ وغیرہ تو نہیں لگی اور موٹر سائیکل بھی ٹوٹ چکی ہو گی لیکن اللہ پاک کے نام اور یَـاحَـفِـیظُ یَـاسَلَامُ پڑھنے کی برکت سے ہمیں کچھ نہیں ہوا تھا اور موٹر سائیکل کو بھی ذرا خراش تک نہیں آئی تھی۔

(جہانگیر صاحب، لاہور)

مسافر گاڑی حادثے سے بچ گئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میں کچھ عرصہ قبل بس میں راولپنڈی سے کراچی جا رہا تھا کہ سکھر کے قریب ایکسیڈنٹ ہوتے ہوتے بچ گیا۔ میں نے چلتی ہوئی گاڑی کے شیشے پر انگلی کے ساتھ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ لکھ دیا تھا اور سوار ہونے سے پہلے بھی 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھا تھا جس کی برکت سے اللہ پاک نے گاڑی کو بڑے حادثے سے بچا لیا۔

(اشفاق احمد میمن صاحب، کراچی)

پہیے میں برقعہ آنے پر ایکسیڈنٹ سے حفاظت

السلام علیکم! حضرت جی! آپ دامت برکاتہم نے یَـاحَـفِـیظُ یَـاسَلَامُ کا عمل پڑھنے کیلئے بتایا تھا کہ جب بھی گھر سے نکلیں تو حفاظت کی نیت سے 11 مرتبہ یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیا کریں۔ ایک بار میں اور میری اہلیہ درس میں آ رہے تھے کہ برقعہ موٹر سائیکل کے پہیے میں آنے سے ہم بری طرح گرتے گرتے بچ گئے۔ ہم

نے ایک سائیڈ پر موٹر سائیکل روک کر برقعہ پہیے سے نکالا تو وہ بری طرح پھنسا ہوا تھا۔ میں نے اکثر ایسے حادثے دیکھے ہیں کہ موٹر سائیکل کے وہیل میں دوپٹہ یا برقعہ آنے سے بہت برے ایکسیڈنٹ ہوتے ہیں۔ اللہ پاک جزائے خیر عطا فرمائے۔
(م۔ ب، لاہور)

موٹر سائیکل اور گاڑی کے حادثہ میں حفاظت

السلام علیکم! میں نے یہاں درس میں سنا تھا کہ گھر سے نکلتے وقت 11 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنے سے اللہ پاک حادثات سے محفوظ رکھتا ہے اور مسائل سے نجات ملتی ہے۔ میں نے کچھ عرصہ پہلے سے اپنے معمولات میں شامل کرلیا ہے کہ گھر سے نکلتے وقت ایک بار آیت الکرسی اور 11 بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ لیتا ہوں۔ اس کا فائدہ اسی اتوار کو میرے سامنے آیا کہ میں ظہر کی نماز پڑھنے جا رہا تھا اور سڑک پر اچانک ایک بہت تیز رفتار موٹر سائیکل آئی اور مجھے آکر ہاتھ کی کلائی پر زور سے لگی۔ موٹر سائیکل والا سپیڈ میں تھا کہ وہ موٹر سائیکل کو سنبھال نہ سکا اور آگے جا کر گاڑی میں لگا۔ خیر مجھے اس وقت درد کا کافی احساس ہوا میں نے کلائی پر دیکھا تو معمولی سے خراش آئی تھی۔ میں نے مسجد میں جا کر 3,2 بار کلائی پر ٹھنڈا پانی ڈالا تو میرا درد 15 منٹ میں ہی ٹھیک ہوگیا اور کوئی نشان بھی نہیں رہا۔ میں نے پہلے بھی کئی حادثات دیکھے ہوئے ہیں مجھے اندازہ تھا کہ وہ موٹر سائیکل والا جتنی زور سے میرے ساتھ ٹکرایا اس سے بہت شدید حادثہ ہوسکتا تھا لیکن اللہ پاک کے کلام کی برکت سے میں بالکل محفوظ رہا۔ (حسن رضا صاحب)

ہر عمل کا واقعی فائدہ ہوتا ہے۔۔۔!

میرا نام اسد اور میں جہلم سے آیا ہوں۔ میں آپ کو یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار میں روڈ کراس کر رہا تھا کہ اچانک تیز رفتار گاڑی چھوتے ہوئے گزر گئی اور میرے ہوش وحواس اڑ گئے کیونکہ

گاڑی اتنی سپیڈ میں تھی کہ اگر مجھ سے ٹکرا جاتی تو بہت بڑا حادثہ ہونا تھا۔ تب میرے دل میں خیال آیا کہ آج پڑھا ہوا یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ اور مسنون دعا کام آگئی اور پھر میں نے کہا کہ کوئی بھی عمل کسی بھی وقت رائیگاں نہیں جاتا اور ہر عمل کا واقعی فائدہ ہوتا ہے۔

(اسد صاحب، جہلم)

لڑائی جھگڑے ختم ہو گئے

السلام علیکم! میرا نام محمد جنید ہے اور میں اسلام آباد سے آیا ہوں۔ آپ دامت برکاتہم کے بتائے ہوئے اعمال کی برکات کی وجہ سے ہمارے گھر میں بہت سکون ہو گیا ہے۔ آپ نے اپنے درس میں حفاظت والے اعمال یاحَفِیظُ یاسَلَامُ اور سلام کرنے کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا کہ ''السلام علیکم'' کو عام کریں اس سے حفاظت ہوتی ہے۔ میں جب بھی صبح اٹھ کر باہر آتا ہوں تو سب گھر والوں کو سلام کرتا ہوں اور باہر آتے جاتے ہر وقت سلام کرتا ہوں۔ اس کی برکت سے **الحمدللہ!** ہمارے گھر سے لڑائی جھگڑے، نوک جھونک ختم ہو گئی ہے۔ میں نے یہ عمل جس کو بھی بتایا ہے۔ **الحمدللہ!** اس نے بھی اس سے بہت فائدہ پایا ہے۔ **(محمد جنید صاحب، اسلام آباد)**

حادثے میں ماں اور بیٹوں کو خراش تک نہ آئی

السلام علیکم! میرا نام نوید احمد ہے۔ میں اکثر تسبیح خانے میں قیام کیلئے آتا ہوں۔ ایک بار میں تسبیح خانے میں جمعرات کا درس سننے کیلئے آیا تو میری والدہ اور بھائی بھی ساتھ تھے۔ درس سے فارغ ہو کر ہم اِدھر قریب ہی اپنے ماموں کے گھر چلے گئے اور پھر وہاں سے صبح موٹر سائیکل پر اپنے گھر جانے کیلئے نکلے تو میں نے گھر سے نکلنے والی مسنون دعائیں اور گیارہ مرتبہ یاحَفِیظُ یاسَلَامُ پڑھ لیا۔ ہم راستے میں جا رہے تھے کہ ایک گدھا ریڑھی والا پتہ نہیں کہاں سے نکل آیا اور اس سے ہماری ٹکر ہو گئی جس سے ہم تینوں بری طرح گر گئے۔ میں نے فوراً اٹھ کر والدہ کو دیکھنا شروع کر دیا کہ

کہیں ان کو چوٹ وغیرہ تو نہیں لگی کیونکہ وہ دل کی مریضہ بھی ہیں۔ جب میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کو چوٹ تو نہیں لگی تو بتانے لگیں بیٹا مجھے کچھ بھی نہیں ہوا اور جب میں گرنے لگی تو مجھے ایسا محسوس ہوا کہ جیسے کسی نے مجھے اٹھا کر ایک سائیڈ پر بیٹھا دیا ہو۔ پھر میں نے بھائی اور خود کو دیکھا تو ہمیں ذرا سی بھی خراش نہیں آئی اور بائیک بھی بالکل ٹھیک تھی۔ یہ سب مسنون دعاؤں کی برکت سے ممکن ہوا حالانکہ جیسا حادثہ ہوا تھا اس میں شدید چوٹیں آسکتی تھیں۔ اللہ پاک مرشد پاک کو لمبی عمر عطا فرمائے اور تسبیح خانے کا نظام اپنے غیب کے خزانوں سے ایسے ہی چلائے رکھے۔ آمین ثم آمین! (**محمد نوید صاحب**)

ایکسیڈنٹ میں حفاظت سے لوگ حیران

السلام علیکم! میرا نام وقاص ہے اور میں لاہور ہی کا رہائشی ہوں۔ میرا معمول ہے کہ میں جب بھی گھر سے باہر کسی بھی کام کیلئے جاتا ہوں تو گیارہ بار "یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ" پڑھ لیتا ہوں۔ اس کی برکت سے میں ہر قسم کے حادثے سے محفوظ رہتا ہوں۔ ایک بار میں اپنی بھائی کے ساتھ موٹر سائیکل پر گھر کیلئے کچھ سامان کیلئے جا رہا تھا کہ راستہ میں ایک تیز رفتار رکشہ کے ساتھ ٹکر ہوگئی جس کی وجہ سے میں ہم دونوں بھائی بہت برے طریقے سے ایک فٹ پاتھ کے ساتھ جا ٹکرائے جبکہ رکشہ بھی دوسری گاڑی کے ساتھ ٹکرایا۔ اسی دوران بہت سے لوگ اکٹھے ہوگئے اور ہمیں اٹھانے کیلئے آئے تو دیکھ کر حیران ہوگئے کہ اتنے برے ایکسیڈنٹ میں ان کو کچھ نہیں ہوا۔ میں نے انہیں دل میں جواب دیا کہ یہ سب "یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ" پڑھنے کی برکت سے ممکن ہوا ہے کہ ہم اتنے برے ایکسیڈنٹ میں بھی حفاظت میں رہے۔ (**وقاص صاحب، لاہور**)

گاڑی ٹوٹ پھوٹ گئی، ہمیں خراش تک نہ آئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

میرا نام محمد علی ہے اور میں آپ کو "یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ" کے مشاہدے کے بارے

میں بتانا چاہتا ہوں کہ میرے ایک دوست کی شادی تھی جس کیلئے ہم اپنی گاڑی میں بیٹھ کر شادی ہال جا رہے تھے کہ راستے میں ایک گاڑی جس کی سپیڈ تقریباً 110 کے قریب تھی وہ آ کر ہماری گاڑی کے ساتھ اتنے زور سے ٹکرائی جیسے کوئی دھماکہ ہوا ہو۔ میں نے فوراً گاڑی روک کر باہر نکل کر دیکھا تو جو گاڑی ہمارے گاڑی کے ساتھ ٹکرائی تھی اس کے ڈرائیور کا سر سکرین میں لگنے سے خون میں لت پت اور اس کی گاڑی کا فرنٹ حصہ بھی ٹوٹ پھوٹ چکا تھا۔ دیکھتے ہی دیکھتے وہاں پر لوگوں کا ہجوم اکٹھا ہو گیا جنہوں نے اس گاڑی والے کو اٹھا کر ہسپتال پہنچایا اور ہمیں جانے کیلئے کہا کہ آپ لوگ جائیں آپ کی غلطی نہیں ہے۔ جب میں نے اپنی گاڑی کو دیکھا تو اسے صرف معمولی سے خراش آئی تھی۔ ہماری گاڑی میں موجود سب لوگ پوچھنے لگے کہ آج تو اللہ تعالیٰ نے ہماری جان بچائی ہے ہمیں نہیں لگتا تھا کہ جتنی زور سے گاڑی ٹکرائی ہے ہم بچ پائیں گے۔ میں نے انہیں بتایا کہ میں جب بھی کہیں سفر پر نکلتا ہوں تو گاڑی میں بیٹھتے وقت اپنی اور گاڑی کی حفاظت کی نیت سے گیارہ بار ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' پڑھ لیتا ہوں جس کی برکت سے اللہ پاک میری ہر طرح سے حفاظت فرماتے ہیں۔ آج بھی میں نے گاڑی میں بیٹھتے ہوئے یہی وظیفہ پڑھا تھا جس کی وجہ سے اللہ پاک نے ہماری حفاظت فرمائی۔ **(محمد علی صاحب، فیصل آباد)**

حادثے میں اکیلا شخص ہی محفوظ رہا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

یہ کچھ دنوں پہلے کی بات ہے کہ میں چاند گاڑی پر بیٹھ کر خانیوال لاری اڈے پر جا رہا تھا تو میں نے بیٹھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' پڑھ لیا۔ راستے میں چاند گاڑی کا ایک ویگن کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہو گیا جس سے چاند گاڑی الٹ گئی اور اس میں سوار 5 لوگوں کو بہت شدید قسم کی چوٹیں آئیں جبکہ چاند گاڑی بھی بری

طرح ٹوٹ چکی تھی۔ جب میں نے خود کو دیکھا تو مجھے ذرا بھی چوٹ نہیں لگی تھی بس میرے کپڑے کچھ گندے ہوئے تھے۔ اس طرح اللہ پاک نے ''یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ'' پڑھنے کی برکت سے میری حفاظت فرمائی۔ جب سے یہ واقعہ ہوا ہے الحمدللہ! میرا اعمال پر یقین اور بھی پختہ ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو کامل یقین کے ساتھ اعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! (خانیوال)

مختلف حادثات میں حفاظت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

حضرت جی! میں آپ کو اپنے کچھ وظائف کے مشاہدات کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں۔ میرے ''یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ'' کے بہت سے مشاہدات ہیں۔ میں نے جب سے درس میں اس کے کمالات سنے ہیں اس کو بہت سے لوگوں میں پرنٹ کروا کر تقسیم کروا رہا ہوں جس کے مشاہدات مجھے مل رہے ہیں۔ ایک دوست مجھے بتانے لگا کہ یہ (یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ) وظیفہ واقعی لاجواب ہے۔ میں نے اس کا مشاہدہ پوچھا تو بتانے لگا کہ میں پہلے جب بھی گھر یا دکان پر پیسے وغیرہ رکھتا تھا تو وہ چوری ہو جاتے تھے۔ لیکن اب میں جب بھی پیسے یا کوئی چیز رکھنے لگتا ہوں تو حفاظت کی نیت سے گیارہ بار ''یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ'' پڑھ لیتا ہوں الحمدللہ اس کی برکت سے اب میرے پیسے چوری نہیں ہوتے۔

ایک اور جاننے والے بتانے لگے کہ اب میں جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو گیارہ بار ''یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ'' پڑھ لیتا ہوں اس کی برکت سے اللہ پاک میری ہر قسم کی شریر چیزوں اور حادثات سے حفاظت فرماتے ہیں۔ مزید بتانے لگے کہ ایک بار میں اپنی اہلیہ کے ساتھ موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ میری اہلیہ کا برقعہ موٹر سائیکل کے پہیے میں آ گیا جس کی وجہ سے بیچ سڑک موٹر سائیکل ایک دم رک گئی اور ہم بال بال گرنے سے بچ گئے۔ اسی دوران پیچھے سے ایک بڑا ٹرک آ رہا تھا جس نے فوراً بریک لگا لی اور میں

جلدی سے موٹر سائیکل کے پہیے سے برقعہ نکالنے لگ گیا لیکن وہ نکلنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا اور بہت برے طریقے سے پھنسا ہوا تھا۔ میں نے موٹر سائیکل کو ایک شخص کی مدد سے کھینچ کر ایک سائیڈ پر کیا اور پھر بمشکل برقعہ نکالا۔ میری اہلیہ حیرت زدہ ہو کر کہنے لگی کہ آج تو ہماری کوئی نیکی کام آگئی ہے جو ہم حادثے سے بچے ہیں۔ میں نے اسے کہا کہ میں جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو حفاظت کی نیت سے مسنون دعا کے ساتھ گیارہ مرتبہ ''یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ'' پڑھ لیتا ہوں جس سے اللہ تعالیٰ حفاظت فرماتا ہے اور اسی وجہ سے ہم آج حادثے سے محفوظ رہے ہیں۔ (قاسم صاحب، لاہور)

سانپ بچھو کے کاٹنے اور ڈاکوؤں سے حفاظت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

میرا نام زاہد اور میں شاہدرہ لاہور کا رہائشی ہوں۔ میں تقریباً دو سال سے یہاں تسبیح خانے میں درس میں شرکت کیلئے آرہا ہوں۔ الحمدللہ! جب سے میں نے یہاں آنا شروع کیا ہے اور یہاں سے وظائف کے کمالات کے بارے میں سنا ہے تب سے میں نے اپنا بہت سے وظائف کو اپنا معمول بنایا ہوا ہے۔ خاص طور پر ''یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ'' تو اب میری زندگی کا حصہ بن چکا ہے جس کے بہت سے مشاہدات ہیں جو اگر میں بیان کرنے لگ جاؤں تو کسی اور کو اپنے مشاہدات بتانے کا ٹائم نہیں ملے گا۔ میں دریاؤں اور ویران علاقوں سے ریت نکالنے کا کام کرتا ہوں جہاں پر ہمارے کچھ لوگ یا جو ٹرالی والی ریت بھروانے کیلئے آتے ہیں ان کے علاوہ دور دور تک کوئی انسان دکھائی نہیں دیتا اور وہاں پر اکثر سانپ بچھو اور طرح طرح کے عجیب وغریب کیڑے مکوڑے اور جانور وغیرہ آتے رہتے ہیں جو اکثر وہاں پر کام کرنے والے افراد کو زخمی بھی کر دیتے ہیں یہاں تک کہ وہاں پر کئی بار ڈاکوؤں نے ہمارے ساتھ لوٹ مار اور مار کٹائی بھی کی ہے۔ میں بھی اس قسم کے حادثوں کا شکار ہو چکا ہوں لیکن اب الحمدللہ! جب سے میں نے گھر سے نکلتے وقت گیارہ مرتبہ ''یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ'' کو

معمول بنایا ہے تب سے الحمدللہ! ان تمام حادثات سے محفوظ ہوں۔

(محمد زاہد صاحب، لاہور)

کام کے دوران اب مزدور زخمی نہیں ہوتے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

میرا نام علی اکبر ہے، میں یہاں مصری شاہ لوہا مارکیٹ میں آڑھت پر لوہا کاٹنے کا کام کرتا ہوں۔ ہم تین چار افراد بجلی سے چلنے والی بڑی قینچی پر بہت بھاری لوہا کاٹتے ہوئے حفاظتی سامان پہننے کے باوجود بھی کئی بار زخمی ہو چکے ہیں۔ اکثر مزدوروں کو تو لوہے کے چھوٹے چھوٹے ذرے آنکھوں میں بھی پڑ جاتے ہیں۔ میرے ایک عزیز نے مجھے یہاں تسبیح خانے میں آنے کی دعوت دی تھی جو میں تقریباً تین ہفتوں سے یہاں درس سننے کیلئے آ رہا ہوں۔ پچھلے درس میں آپ دامت برکاتہم نے ہر قسم کی حفاظت کیلئے ”یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ“ پڑھنے کا ارشاد فرمایا تھا کہ جب بھی گھر سے نکلو تو گیارہ مرتبہ ”یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ“ پڑھ لیا کرو۔ الحمدللہ تب سے میں نے یہ اپنا معمول بنایا ہوا اور اپنے ساتھ کام کرنے والے مزدوروں کو بھی اس کو حفاظت کی نیت سے پڑھنے کا بتایا ہے جس کی برکت سے الحمدللہ! اب ہم کام کے دوران کبھی زخمی نہیں ہوتے۔ جبکہ پہلے ایسا کوئی دن نہیں ہوتا تھا جب ہم مزدوروں میں سے کوئی زخمی نہ ہوا ہو۔ میرے ساتھی مزدور کہتے ہیں کہ یار واقعی اس کلام میں تو بہت حفاظت ہے۔ میں نے ان کو بھی یہاں تسبیح خانے میں درس میں شرکت کی دعوت دی ہے اللہ پاک ہم سب کو یہاں سے فیض پانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! (میاں علی اکبر صاحب، مصری شاہ)

اب ٹرالیوں پر اوورلوڈنگ سے چالان نہیں ہوتا

بسم اللہ الرحمن الرحیم السلام علیکم!

میں ایک زمیندار ہوں اور فاروق آباد سے یہاں درس میں شرکت کیلئے آتا ہوں۔ ہم گاؤں کے کچھ افراد مل کر اپنی گندم، سبزیاں اور مونجی وغیرہ ٹرالیوں پر لادھ کر یہاں

قریبی منڈیوں میں بیچنے کیلئے آتے ہیں اور ہماری ٹرالیاں اکثر اوورلوڈ ہونے کی وجہ سے سامان ٹرالیوں سے باہر لٹکا ہوتا ہے۔ جس سے حادثہ بھی ہو جاتا ہے اور ہمیں ٹریفک پولیس والے روک کر چالان یا ٹرالیاں تھانے لے جا کر بند کر دیتے ہیں لیکن اب ایسا کچھ نہیں ہوتا کیونکہ جب سے ہم نے حفاظت والی مسنون دعا اور گیارہ مرتبہ ”یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ“ گھر اور گاؤں سے نکلنے سے پہلے حفاظت کی نیت سے پڑھنا معمول بنایا ہے اس کی برکت سے اب ہم محفوظ رہتے ہیں۔ اب بھی ہماری ٹرالیاں اوورلوڈ ہوتی ہیں اور ٹریفک پولیس والے ہمیں روکنے کی بجائے جلدی سے گزرنے کا اشارے کرتے ہیں کہ جلدی سے اپنی ٹرالی گزار لو نہیں تو ٹریفک جام ہو جائے گی اور ہمیں کچھ نہیں کہتے حالانکہ پہلے اوورلوڈنگ پر اکثر چالان کر دیتے تھے۔

(محمد شکیل صاحب، فاروق آباد)

12 گھنٹوں کے پیسے 6 گھنٹے میں کمالیتا ہوں

السلام علیکم! میرا نام معظم علی ہے میں لاہور کا رہائشی اور ایک آٹو رکشہ ڈرائیور ہوں۔ ہم رکشے والے ایکسیڈنٹ کرنے میں مشہور ہیں اور لوگ یہاں تک کہتے ہیں کہ ان رکشے والوں کو کوئی سواری نظر آجائے تو دائیں بائیں کچھ نہیں دیکھتے اور سواری بٹھانے کی لالچ میں کسی موٹرسائیکل یا گاڑی میں رکشہ مار دیتے ہیں جو حقیقت بھی ہے۔ میں خود اس قسم کے حادثات کا شکار ہوتا رہا ہوں اور کئی بار تو میں رکشے سمیت تھانے میں بھی بند ہو چکا ہوں۔ جب سے میں نے حفاظت کی نیت سے گیارہ مرتبہ ”یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ“ پڑھنا شروع کیا ہے اس سے اب میں اس قسم کے حادثات سے محفوظ رہتا ہوں یہاں تک کہ اس کے پڑھنے کی برکت سے الحمدللہ الحمدللہ! اب مجھے سواریاں بٹھانے کیلئے کوئی تگ و دو نہیں کرنی پڑتی میں جہاں بھی رکشہ کھڑا کرتا ہوں کچھ ہی دیر میں میرا رکشہ بھر جاتا ہے اور میں رات تک اچھے خاصے پیسے کمالیتا ہوں۔ جبکہ پہلے میں 12,12 گھنٹے رکشہ چلاتا تھا تب جا کر میرا گھر کا خرچہ پورا ہوتا

ہے لیکن اب میں 6,7 گھنٹے میں ہی اپنی ضرورت کے مطابق پیسے کما لیتا ہوں۔

(معظم علی صاحب، لاہور)

ڈائی کٹنگ مشین میں ہاتھ کٹنے سے حفاظت

میرا کام پرنٹنگ پریس میں ڈائی کٹنگ مشین کا ہے جو بہت ہی دھیان اور احتیاط سے کرنا پڑتا ہے اگر اس میں کوئی بے احتیاطی ہو جائے تو ہاتھ یا انگلی کٹنے کا ڈر ہوتا ہے۔ پہلے میں اس قسم کے معمولات کا شکار ہو چکا ہوں کہ دو تین بار میری ہاتھ کی انگلی بھی کٹ چکی ہے۔ میرے ایک دوست جو یہاں تسبیح خانے میں آتے ہیں انہوں نے مجھے حفاظت کی نیت سے مسنون دعا اور گیارہ مرتبہ "یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ" گھر سے پڑھنے کیلئے بتایا تھا۔ جو میں الحمدللہ پڑھتا ہوں جس کے پڑھنے کی برکت سے میں بہت سے حادثات اور خصوصاً اپنی مشین پر کام کے دوران محفوظ رہتا ہوں۔

(جہانگیر صاحب، گوالمنڈی)

تیز رفتار ویگن کی ٹکر لگنے کے باوجود حفاظت

میرا نام طارق ہے اور میں للیانی مصطفیٰ آباد قصور کے قریب رہتا ہوں۔ روزانہ کام کے سلسلہ میں ویگن میں وغیرہ بیٹھ کر مجھے یہاں قریب ہی فیروز پور روڈ پر آنا ہوتا ہے۔ حضرت جی دامت برکاتہم ہر جمعرات کے درس میں حفاظت کی نیت سے گیارہ بار "یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ" پڑھنے کا ارشاد فرماتے ہیں جو الحمدللہ میں نے اپنا معمول بنایا ہوا۔ ایک بار میں ویگن پر بیٹھنے کیلئے سٹاپ پر کھڑا تھا کہ دو ویگنوں کے ڈرائیو ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کر رہے تھے اور اسی کشمکش ایک ویگن بے قابو ہو کر سٹاپ پر کھڑے مسافروں میں آ گئی جس سے بہت سے مسافر زخمی ہو گئے اور میں بھی بہت بری طرح ویگن کی ٹکر لگنے سے گر گیا۔ جب میں نے دوسرے لوگوں کو دیکھا تو وہ شدید زخمی تھے اور جب خود کو دیکھا تو میرے معمولی سے کپڑے گندے ہوئے تھے۔ میں سوچنے لگا کہ ان سب لوگوں میں کیسے بچ گیا؟ پھر میرے ذہن میں آیا کہ یہ گھر

سے پڑھ کر نکلنے والی مسنون دعا اور ''یَـا حَـفِـیْـظُ یَـا سَلَامُ'' کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ **(محمد طارق صاحب، للیانی مصطفیٰ قصور)**

چار ماہ میں تین ڈاکے پڑنے والی دکان کی حفاظت

السلام علیکم! میرا نام عمر جاوید ہے اور میں کراچی سے یہاں درس میں شرکت کیلئے آیا ہوں۔ ہم سب گھر والے نیٹ پر حضرت جی دامت برکاتہم کے درس سنتے رہتے ہیں۔ ہمارے کراچی شہر میں اکثر امن وامان کی صورتحال حال خراب رہتی قتل وغارت گری، ڈاکے، چوری، موٹر سائیکل چوری، بینک ڈکیتی، اغواء برائے تاوان اور ٹارگٹ کلنگ جیسے واقعات تو معمول ہیں۔ ہمارے والد صاحب اور ہم بھائی جب بھی گھر سے باہر نکلنے لگتے ہیں تو ہماری والدہ ہمیں حفاظت کی نیت سے حفاظت والے اعمال اور ''یَـا حَـفِـیْـظُ یَـا سَلَامُ'' پڑھ کر پھونک دیتی ہیں اور ہم خود بھی گھر سے باہر نکلنے والی مسنون دعا اور گیارہ مرتبہ ''یَـا حَـفِـیْـظُ یَـا سَلَامُ'' پڑھ لیتے ہیں الحمدللہ اس کے پڑھنے سے ہم خیروعافیت سے گھر سے دکان اور دکان سے گھر آجاتے ہیں حالانکہ پہلے چار ماہ کے دوران ہماری دکان پر تین بار ڈاکہ بھی پڑ چکا ہے اب تقریباً چھ ماہ سے اللہ پاک نے ہمیں اپنی حفاظت میں رکھا ہوا۔ **(عمر جاوید صاحب، کراچی)**

ہفتے میں چار بار ایکسیڈنٹ سے چھٹکارا

السلام علیکم! میرا نام تیمور امجد ہے اور میں راولپنڈی صدر کا رہنے والا ہوں۔ میرے ایک دوست اسلام آباد میں رہتے ہیں جو اکثر یہاں تسبیح خانے میں درس سننے کیلئے آتے ہیں۔ انہوں نے مجھے حفاظت والی مسنون دعا پڑھنے کا بتایا کہ آپ یہ پڑھا کروان شاءاللہ اس کی برکت سے اللہ پاک آپ کی حفاظت فرمائے گا اور آپ کے ایکسیڈنٹ نہیں ہوں گے کیونکہ ہفتے میں تین چار بار میرا ایکسیڈنٹ ہونا معمول تھا اور کوئی بھی کام کرتا تھا تو وہ الٹا ہی ہوتا تھا جس کیلئے میں نے بہت سے عاملوں وغیرہ سے رابطہ کیا جنہوں نے کہا کہ آپ پر جادو جنات کے اثرات ہیں اس کیلئے مجھ سے

ہدیہ کے طور پر پیسے بھی مانگے لیکن میں نے ان کی بات ان سنی کردی۔ پھر میرے ذہن میں آیا کہ کیوں نہ ان دوست کے بتائے ہوئے حفاظت والے اعمال پڑھیں جائیں۔ الحمدللہ! اب میں ہروقت ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' پڑھتا رہتا ہوں اکثر تو مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی چیز مجھے یہ عمل پڑھنے سے روک رہی ہے اور کئی بار تو پڑھتے پڑھتے چھوڑ بھی دیتا ہوں لیکن جب سے میں نے ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' پڑھنا شروع کیا ہے الحمدللہ! تب سے میں ایکسیڈنٹ سے بچا ہوا ہوں اور اب کام میں بھی کوئی رکاوٹ یا خرابی پیدا نہیں ہوتی۔ (تیمور امجد صاحب، راولپنڈی)

خوفناک آگ میں حفاظت

السلام علیکم! میرا نام فہیم نعیم ہے اور میں لاہور کا رہائشی ہوں اور چھ سال سے روزگار کے سلسلہ میں بحرین میں مقیم ہوں اور یہاں چھٹیاں گزارنے کیلئے آیا ہوں۔ میرے ایک دوست جو تسبیح خانے میں خدمت کرتے ہیں انہوں نے مجھے حفاظت کام میں آسانی کیلئے ایک چھوٹا سا عمل ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' پڑھنے کیلئے بتایا اور کہا تھا کہ یہ عمل چھوٹا تو ہے لیکن اس کے کمالات بہت بڑے ہیں۔ میں بحرین میں جہاں تیل کے ڈپو پر کام کرتا ہوں وہاں کئی بار آگ لگنے کے واقعات ہو چکے ہیں جس سے کئی مزدور جھلس کر زخمی بھی ہو چکے ہیں۔ ایک بار میں اپنے فلیٹ سے ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' پڑھتے ہوئے کام والی جگہ پر پہنچا تو وہاں ایک شخص اپنی گاڑی ٹھیک کرتے ہوئے سگریٹ پی رہا تھا میں نے اسے دیکھ کر منع کیا کہ یہاں قریب سارے تیل کے ڈرم پڑے ہوئے ہیں آپ یہاں سگریٹ نہ پئیں لیکن اس نے میری بات ان سنی کردی اور کچھ ہی سیکنڈ کے بعد اس کی گاڑی میں شارٹ سرکٹ ہوا جس سے کچھ شعلے نکل کر تیل والی جگہ پر گرے جس سے آگ بھڑک اٹھی اور دیکھتے ہی دیکھتے آگ نے پوری جگہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور اس شخص کی گاڑی کو بھی آگ لگ گئی اور ہمیں اپنی جان بچانے کیلئے کوئی محفوظ جگہ نظر نہیں آرہی تھی کچھ مزدور ساتھی کہنے لگے کہ آج تو ہم نہیں

بچتے؟ میں نے انہیں کہا کہ آپ سب ‘‘یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ’’ پڑھنا شروع کردو ان شاء اللہ ہمیں کچھ نہیں ہوگا۔ اتنے میں دوسری سائیڈ سے کچھ افراد آگ بجھانے والے آلات اور آکسیجن لے کر دوڑتے ہوئے آئے اور انہوں نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ بجھانا شروع کردی اور ہم سب کو سیڑھی لگا کر وہاں سے باہر نکالا۔ تقریباً ڈیڑھ دو گھنٹے تک آگ لگی رہی جسے بعد میں فائر بریگیڈ اور وہاں کی انتظامیہ نے بجھایا۔ اللہ پاک نے ‘‘یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ’’ کی برکت سے ہم سب کو اتنی خوفناک آگ سے بچایا۔

(فہیم نعیم صاحب، بحرین)

مسنون عمل سے اللہ کی حفاظت

السلام علیکم! حضرت جی میرے پاس حفاظت والے عمل کا مشاہدہ ہے۔ میں مسنون دعا اور ‘‘یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ’’ کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں موٹرسائیکل پر مارکیٹنگ کا کام کرتا ہوں اور پورے شہر میں مال سپلائی کرنے کیلئے آرڈر وغیرہ لینے ہوتے ہیں۔ جب سے میں نے آپ دامت برکاتہم سے حفاظت والے اعمال کی ترتیب سنی ہے اس وقت سے یہ اعمال کررہا ہوں۔ ایک بار میں گھر سے حفاظت والی مسنون دعا گیارہ مرتبہ ‘‘یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ’’ پڑھ کر نکلا اور گھر سے تھوڑی دیر ہی پہنچا تھا کہ ایک تیز رفتار رکشے کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہوگیا اور ایکسیڈنٹ بھی سیریس تھا لگتا تھا کہ میری ٹانگ وغیرہ ٹوٹ چکی ہوگی اور میری موٹرسائیکل بھی رکشے کے نیچے پھنس چکی تھی اور میری ٹانگ بھی اس کے نیچے تھی جسے قریب کھڑے لوگ نکالنے کی کوشش کررہے تھے اور کچھ لوگ کہہ رہے تھے کہ لگتا ہے کہ ٹانگ نہیں بچے گی کیونکہ رکشہ اور موٹرسائیکل کا سارا وزن میری ٹانگ پر تھا۔ میں اس دوران دل ہی دل میں ‘‘یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ’’ پڑھتا جارہا تھا۔ جب رکشہ اور موٹرسائیکل میری ٹانگ سے ہٹی تو میں خود ہی اٹھ کر کھڑا ہوگیا اپنے جسم کو دیکھنا شروع کردیا کہ کہیں کوئی چوٹ وغیرہ تو نہیں لگی لیکن الحمدللہ مجھے چوٹ تو کیا کوئی خراش تک نہیں آئی تھی۔ پاس

کھڑے لوگ دیکھ کر بہت حیران ہوئے کہ دیکھو اسے تو کچھ بھی نہیں ہوا۔ بس میری موٹر سائیکل کے اشارے وغیرہ ٹوٹے تھے۔ میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا اور رکشے والے کو آئندہ احتیاط سے چلانے کا کہہ کر چلا گیا۔ اللہ پاک نے ان اعمال میں واقعی حفاظت رکھی ہے۔ میں تمام ساتھیوں سے کہوں گا کہ وہ بھی گھر سے نکلتے وقت یہ مسنون اعمال اپنائیں ان سے اللہ پاک کی مدد ملتی ہے۔

(قیصر صاحب، کاہنہ)

ایکسیڈنٹ میں گرنے سے بچ گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میں جب بھی کسی کام کیلئے گھر سے نکلتا ہوں تو حفاظت کی نیت سے موٹر سائیکل پر بیٹھنے سے پہلے ''یَا حَفِیظُ یَا سَلَامُ'' پڑھ لیتا ہوں۔ الحمد للہ! اس کے پڑھنے کی برکت سے سارا دن اللہ پاک طرح طرح کے حادثات سے حفاظت فرماتا ہے۔ کئی بار تو میرا ایکسیڈنٹ ہونے سے بچا ہے۔ ایک بار میں شدید رش والی جگہ سے نکلنے کی کوشش کر رہا تھا کہ ایک موٹر سائیکل والا ون وے کی خلاف ورزی کرتا ہوا آ کر میری موٹر سائیکل سے ٹکرا کر دور جا گرا اور میں نے خود کو سنبھالتے ہوئے موٹر سائیکل روک لی حالانکہ جتنی زور سے وہ ٹکرایا تھا میرا گرنا بھی ممکن تھا لیکن مجھے ایسا محسوس ہوا کہ جیسے کسی غیبی مدد نے مجھے سنبھال لیا ہو۔ **(یٰسین بوٹا صاحب، مرید کے)**

ماں بیٹے کی ایکسیڈنٹ میں حفاظت

السلام علیکم! میرا نام شبیر احمد ہے اور میں سمن آباد موڑ کا رہائشی ہوں۔ حضرت جی میں آپ کو اپنا ایک واقعہ بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار میں والدہ کے ساتھ موٹر سائیکل پر اپنے کسی رشتہ دار کے گھر جا رہا تھا کہ راستے میں ہمارا ایکسیڈنٹ ہو گیا جس سے اللہ پاک نے ہماری حفاظت فرمائی۔ ہوا یوں کہ میں بہت احتیاط سے آہستہ سپیڈ پر موٹر سائیکل چلا رہا تھا کہ ایک گلی میں سے بہت تیز رفتار موٹر سائیکل پر ایک لڑکا ون

ویلنگ کرتا ہوا آیا اور میری موٹر سائیکل کے ساتھ ٹکرا کر سامنے دیوار میں جا لگا اسی لمحے میں ڈر گیا اور میری والدہ کے منہ سے ''یَا حَفِیْظُ'' نکلا۔ کچھ دیر تو ہم میری سائیکل ایک سائیڈ پر کھڑی کر کے سوچ میں پڑے رہے کہ اللہ تعالیٰ نے کیسے ہماری حفاظت فرمائی ہے۔ میں اپنی والدہ کو بتانے لگا کہ میں جب موٹر سائیکل پر بیٹھا تو میں نے گیارہ بار ''یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ'' پڑھا تھا جس کی برکت سے ہماری حفاظت ہوئی ہے۔

(شبیر احمد صاحب، سمن آباد موڑ لاہور)

ٹرالے کے ساتھ ٹکر سے بچت

السلام علیکم! ایک بار میں محفل میلاد میں شرکت کے بعد موٹر سائیکل پر ''یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ'' کا ذکر کرتے ہوئے ملتان روڈ سے گھر واپس جا رہا تھا تو میری موٹر سائیکل کی ہیڈ لائٹ خراب تھی جس کی وجہ سے مجھے سامنے سے آتا ہوا ایک ٹرالہ نظر نہ آیا اور تقریباً کچھ ہی فٹ کے فاصلے پر جب ٹرالے والے نے ہائرن دیا تو میں ایک دم ڈر گیا اور موٹر سائیکل کا ہینڈل میرے ہاتھوں سے نکل گیا لیکن میرے منہ پر ''یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ'' جاری تھا پتہ نہیں اللہ پاک نے میری کیسے مدد فرمائی اور ایک فٹ کے فاصلے سے ٹرالے کیساتھ ٹکر ہونے سے بچ گئی اور میں ایک دم سے سائیڈ پر ہو گیا۔ یہ سب اللہ پاک نے حفاظت والے عمل سے ممکن بنایا ہے۔

(زمان ملک صاحب، لاہور)

رش والی جگہ سے بآسانی راستہ مل جاتا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میں نے عبقری رسالے میں پڑھا تھا کہ اگر گھر سے نکلتے وقت یا کہیں بھی سفر کے دوران گیارہ مرتبہ ''یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ'' پڑھ لیا جائے تو پورے راستے میں اللہ تعالیٰ حفاظت فرماتا ہے۔ میں اکثر کہیں بھی جاتا ہوں تو رش والی جگہ پر کثرت سے

”یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ“ پڑھنا شروع کر دیتا ہوں جس کی برکت سے اللہ پاک مجھے باحفاظت وہاں سے نکال دیتا ہے اور میں بآسانی اپنی منزل پر پہنچ جاتا ہوں۔ حالانکہ اکثر مجھے رش والی جگہ سے راستہ نہیں ملتا اور اگر میں نکلنے کی کوشش کرتا تو کسی نہ کسی گاڑی وغیرہ کے ساتھ ٹکر ہو جاتی تھی جس کی وجہ سے نوبت جھگڑے تک پہنچ جاتی تھی۔

(زین شکیل صاحب، گوجرہ)

گاڑی کیساتھ ایکسڈنٹ سے محفوظ رہا

السلام علیکم! میرا نام محمد یٰسین اور تعلق لاہور سے ہے۔ میں یہاں درس میں پہلی بار آیا ہوں میں اپنے مشاہدات یہاں پر موجود حضرات کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے عبقری رسالے میں ”یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ“ کا عمل پڑھا تھا اور اس وقت سے میری کوشش ہوتی ہے کہ جب میں موٹر سائیکل پر جاؤں تو یہ ورد کرتا رہوں۔ ایک بار میں موٹر سائیکل پر دکان سے گھر جا رہا تھا راستے میں لکشمی چوک کے قریب ایک گاڑی والا بہت تیزی سے آتا ہوا میری موٹر سائیکل کے ساتھ ٹکرایا اور اس کی گاڑی کا سائیڈ شیشہ ٹوٹ گیا اور گاڑی کو خراشیں بھی آئیں۔ اللہ پاک کے کرم سے مجھے ذرا بھی خراش نہ آئی اور میں بالکل محفوظ رہا۔ **(محمد یٰسین صاحب، لاہور)**

سگنل توڑنے پر ٹریفک اہلکار نے نظر انداز کر دیا

ہم پچھلے درس میں ”یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ“ کے فضائل سن کر گئے تھے۔ میرے کزن نے مجھے فون پر بتایا کہ وہ گاڑی میں اپنی دکان کی طرف جا رہے تھے اور ساتھ مسلسل ”یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ“ پڑھ رہے تھے ہوا ایسے کہ ایک ٹریفک سگنل انہوں نے غلطی سے کراس کر لیا ان کے ساتھ 2,3 مزید گاڑیوں نے بھی کراس کیا آگے ٹریفک وارڈن کھڑے تھے انہوں نے باقی تینوں کو تو اشارے سے روک لیا لیکن میرے کزن کی گاڑی کو نظر انداز کر دیا۔ اللہ پاک نے ”یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ“ کی برکت سے انہیں وہاں سے گزار دیا۔ **(راشد خلیل صاحب)**

گرتا ہوا بچہ جالیوں کیساتھ لٹک کر بچ گیا

مجھے حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک بار درس میں فرمایا تھا کہ گھر سے نکلتے ہوئے حفاظت والی مسنون دعا اور گیارہ مرتبہ ''یَا حَفِیظُ یَا سَلَامُ'' پڑھ لیا کرو۔ میں جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو گھر والوں اور اپنی حفاظت کی نیت سے یہ عمل پڑھ لیتا ہوں۔ ایک بار میرا بیٹا اوپر چھت پر جا رہا تھا کہ نہ جانے کیسے اچانک اس کا پاؤں پھسلا اور وہ گرنے کی بجائے اس کا پاؤں سیڑھیوں کے ساتھ لگی ہوئی جالی میں اٹک گیا اور وہ وہیں پر لٹک گیا۔ گھر والوں نے بھاگ کر اسے وہاں سے بحفاظت اٹھا لیا اور اللہ کی رحمت سے اتنے حیران کن طور پر گرنے کے باوجود بھی اسے کوئی چوٹ نہ لگی۔

(ابوحذیفہ صاحب)

بدترین جام ٹریفک میں راستہ مل جاتا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

میں جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو ایک بار حفاظت والی دعا اور گیارہ مرتبہ ''یَا حَفِیظُ یَا سَلَامُ'' پڑھ لیتا ہوں۔ جس کی برکت سے مجھے راستے میں کسی قسم کی کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ ایک بار میں پیپر دینے کیلئے جا رہا تھا اس دوران راستے میں بدترین ٹریفک جام تھی اور میں یہ دیکھ کر پریشان ہو گیا کہ میں پیپر نہیں دے سکوں گا۔ امتحانی سنٹر پہنچنے کیلئے 15 منٹ کا راستہ تھا اور پیپر شروع ہونے میں بھی تقریباً 20 منٹ ہی باقی تھے اور میں سوچنے لگا کہ یہاں تو مجھے گھنٹوں لگ جائیں گے آج میں پیپر نہیں دے سکتا۔ اچانک میرے ذہن میں ''یَا حَفِیظُ یَا سَلَامُ'' کا خیال آیا اور میں نے ٹریفک کھلنے کی نیت سے پڑھنا شروع کر دیا۔ یقین جانئے ابھی میں نے پڑھنا شروع ہی کیا تھا کہ جس سڑک کی سائیڈ پر میں کھڑا تھا وہاں سے راستہ کھلنا شروع ہو گیا اور ایک دم بہت سی ٹریفک رواں ہو گئی اور میں 1 منٹ 16 سیکنڈ پہلے پیپر میں پہنچ گیا۔ **(مقصود احمد صاحب، لاہور)**

لوٹ مار کے دوران گھر والوں کی حفاظت

السلام علیکم! میرا نام محمد الیاس ہے آج سے تین چار ماہ پہلے میری فیملی کے ساتھ کچھ لوگ عمرہ کر کے بہاولنگر واپس جا رہے تھے جب وہ بہاولنگر کے قریب ستلج برج کے قریب پہنچے تو وہاں کچھ کسان لوگ احتجاج کر رہے تھے اور ٹریفک بند تھی۔ جب میں نے اپنے گھر والوں کو فون کیا تو انہوں نے بتایا کہ ہم صبح 12 بجے سے یہاں پر ہی کھڑے ہیں اور ٹریفک بند ہے جس کے کھلنے کا کوئی نام ونشان نظر نہیں آ رہا جب میں نے فون کیا تو اس وقت 8 بج رہے تھے احتجاج کے دوران کئی گاڑیاں لائنوں میں لگی ہوئی تھیں اور کچھ لوٹ مار بھی شروع ہوگئی۔ میں نے اپنے گھر والوں کو کہا کہ آپ اپنی حفاظت کی نیت سے ''یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ'' پڑھیں اور میں نے بھی پڑھنا شروع کر دیا۔ ٹھیک 30 منٹ بعد ان کا فون آیا کہ راستہ کھل گیا تھا اور ہم بخیر وعافیت گھر پہنچ گئے ہیں۔ **(محمد الیاس صاحب، سعودی عرب)**

اس عمل کے بغیر گزارا نہیں

میں ہر بار گھر سے نکلتے وقت مسنون دعا اور گیارہ مرتبہ ''یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ'' پڑھ کر نکلتا ہوں۔ ایک دن میں اپنی بہن کے ساتھ موٹر سائیکل پر اچھرہ بازار جانے کیلئے نکلا تو باتوں باتوں میں ''یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ'' پڑھنا بھول گیا اور راستے میں تھوڑی دور جا کر میری موٹر سائیکل کی ایک رکشے کے ساتھ ٹکر ہوگئی جس کے باعث ہم آگے نہ جا سکے اور واپس آ گئے۔ واپس راستے میں یہ سوچتا رہا کہ یہ کیسے ہو گیا؟ پھر میرے ذہن میں آیا کہ آج میں ''یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ'' پڑھنا بھول گیا تھا۔ پھر میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا کہ جس نے مجھے یاد دہانی کروائی کہ یہ پڑھنا ضروری ہے اس کے بغیر گزارہ نہیں۔ لہٰذا ہم سب کو اس حفاظت والے مسنون عمل کا اہتمام کرنا چاہیے۔ **(محمد عثمان صاحب، اچھرہ لاہور)**

☆......☆......☆

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی صاحب کی 176 تحقیقی کتب ’’تالیفات‘‘

خاندانی الجھنیں

1۔ اچھے لوگ سچے اصول
2۔ گھریلو الجھنیں اور ماہرین کے تجربات
3۔ شگفتہ باتیں، بکھرے موتی، انمول یادیں
4۔ بڑوں کی زندگی کے ان گنت تجربات
5۔ گھروں میں ابدی سکون اور خوشیوں کا راز
6۔ شاداب زندگی کے راز، نبویؐ طریقے، جدید سائنس
7۔ کامیاب شادی کے 17 اصول، نبویؐ طریقے، جدید سائنس
8۔ خاندانی مسائل کا طبی ونفسیاتی نچوڑ
9۔ بے قرار زندگی سے خوشگوار زندگی تک
10۔ شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول
11۔ پُرکشش زندگی کے گُر، نبویؐ طریقے جدید سائنس
12۔ شادی شدہ زندگی ہنسی خوشی گزارنے کے راز

نفسیاتی الجھنیں

1۔ ٹینشن کا سائنسی اور روحانی علاج
2۔ ڈپریشن سے نجات پانے والے
3۔ پرسکون زندگی کی تلاش، نبویؐ طریقے، جدید سائنس
4۔ جذبات اور خیالات کے روگ، نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
5۔ شفابخش خیالات کی کرشمہ سازیاں، نبویؐ طریقے، جدید سائنس

اسلام اور جدید سائنس

1۔ تعلیمات نبویؐ اور جدید سائنس
2۔ فیضان سنت اور جدید سائنس
3۔ باپ کا تقدس، اسلام اور جدید سائنس
4۔ ماں کا تقدس، اسلام اور جدید سائنس
5۔ تربیت اولاد، اسلام اور جدید سائنس
6۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)
7۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)
8۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)
9۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)
10۔ جادو، جنات اسلام اور جدید سائنس
11۔ موت کے سائنسی اور روحانی انکشافات
12۔ معاشرت نبویؐ اور جدید سائنس

جسمانی امراض اور جدید سائنسی تحقیقات

1۔ ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب
2۔ پرسکون نیند، نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
3۔ پتھری اور ڈائیلسز، علاج نبویؐ اور جدید سائنس
4۔ امراض معدہ، علاج نبویؐ اور جدید سائنس
5۔ شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج
6۔ ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج
7۔ شاندار جوانی، جاندار بڑھاپا
8۔ موٹاپے سے نجات، علاج نبویؐ اور جدید سائنس
9۔ کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج
10۔ جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات
11۔ وٹامن جسمانی صحت کیلئے کیوں ضروری ہیں؟
12۔ ہائی بلڈ پریشر کا روحانی اور سائنسی علاج
13۔ صحت بخش، خوش ذائقہ خوراکیں اور سائنسی اصول

طبی کتب

1۔ رنگ برنگی سبزیاں، دوا بھی، شفاء بھی
2۔ پھلوں سے صحت وخوبصورتی
3۔ حسن وصحت کیلئے انمول ٹانک----4۔ شوگر کا کامیاب علاج
5۔ شافی دوائیں، شافی علاج
6۔ تندرستی کے دس راز دان ٹانک---7۔ حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں
8۔ حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ
9۔ معالج اور مریضوں کے تجربات
10۔ طبی تجربات ومشاہدات-----11۔ کینسر کو شکست
12۔ انوکھی بیماریاں، انوکھے علاج
13۔ میرے طبی رازوں کا خزانہ----14۔ آزمودہ گھریلو معالج
15۔ الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے
16۔ دائمی قبض سے چھٹکارا
17۔ خوبصورت اور گھنے بال----18۔ عبقری ادویات کی شفایابی
19۔ عبقری بتائے جڑی بوٹیوں کے کرشمے

شخصیات وتاریخی کتب

1۔ گلوکاری سے پرہیزگاری تک-----2۔ مشاہیر کی آپ بیتیاں
3۔ 1947ء کے مظالم کی کہانی، خود مظلوموں کی زبانی
4۔ بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟----5۔ شہید پاکستان
6۔ جیلوں میں بیتے لمحات کی کہانی مشاہیر کی زبانی
7۔ مولانا طارق جمیل شخصیت وکمالات
8۔ مولانا طارق جمیل کے ہمراہ-----9۔ عظمت اہل بیتؓ
10۔ صادق دوست اور قلعہ ڈیراور

خواتین

1۔ سدابہار حسن کی ضامن غذائیں
2۔ خواتین کے حسن وجمال کے قیمتی راز
3۔ عورت اسلام اور جدید سائنس
4۔ خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق
5۔ حسن لازوال کی قاتل بیماریاں

روحانیات وعملیات

1۔ روحانی غسل کے کرشمات
2۔ مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات
3۔ دو انمول خزانے (اردو)
4۔ سورۂ بقرہ سے شرطیہ (انشاءاللہ) بیٹا پائیں
5۔ جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل
6۔ مالدار بنانے کا آزمودہ راز
7۔ گھریلو الجھنوں کا روحانی اور قرآنی علاج
8۔ جادو جنات کے پُراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج

9۔ ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری
10۔ کامیاب عامل بنئے۔۔۔11۔ روحانیت، جادو اور وہم
12۔ بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف
13۔ روزگار کی پریشانی کا آزمودہ وظیفہ
14۔ گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج
15۔ بدترین خصلتوں کا بہترین علاج
16۔ کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض
17۔ مایوس خاندانی مشکلات کا پُرتاثیر روحانی علاج
18۔ روحانی دنیا کے انوکھے بھید
19۔ کشف اور پُراسرار روحانی قوتوں کا حصول
20۔ افحسبتم اور اذان کے کرشمات
21۔ جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول)
22 جنات کا پیدائشی دوست (جلد دوم)
23۔ جنات کا پیدائشی دوست (جلد سوم)
24۔ عامل کامل بننے کے راز
25۔ گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے
26۔ مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی؟
27۔ مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات
28۔ سترہ وظائف سے زندگی آسان
29۔ خمٓ لاینصرون کے کرشمات
30۔ موتی مسجد کے عمل کے کرشمات
31۔ مجھے شفاء کیسے ملی؟
32۔ کالی دنیا کا لا جادو، وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات
33۔ صلوٰۃ التسبیح کے کرشمات
34۔ مثالی حافظہ اور آزمودہ نبوی عمل۔۔۔35۔ حالِ دل
36۔ علماء اہل حدیث کے آزمودہ عملیات
37۔ باکمال عاملین کے بے مثال تجربات
38۔ جنات سے سچی ملاقاتیں
39۔ غلاف روضہ مبارک کے کرشمات
40۔ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی کے کرشمات
41۔ سورۂ یٰسین کے کرشمات

صوفی ازم اور اصلاح باطنی

1۔ صوفی ازم سے روشنی کا سفر
2۔ صوفی ازم کے روشن ستارے
3۔ صوفی ازم اور قبولیت دعا
4۔ صوفی ازم اور باطنی سکون
5۔ خطبات عبقری (جلد اول)۔۔۔6۔ خطبات عبقری (جلد دوئم)
7۔ خطبات عبقری (جلد سوئم)۔۔۔8۔ خطبات عبقری (جلد چہارم)
9۔ اقوال اولیاء۔۔۔10۔ آداب معرفت
11۔ معرفت کے متلاشی۔۔۔12۔ صوفی ازم اور ٹینشن فری لائف
13۔ روحانی پاکیزگی۔۔۔14۔ شاہراہ معرفت پر کامیابی کا سفر
15۔ توبہ کے کمالات۔۔۔16۔ کمالات اولیاء
17۔ شجرہ طیبہ قادری ہجویری۔۔۔18۔ ندامت کے آنسو
19۔ علماء اہل حدیث کا ذوق تصوف
20۔ علماء اہل حدیث کی سچی کرامات
21۔ اسلاف اہل حدیث کی رواداریاں
22۔ علماء اہل حدیث اور تصوف کی خوشبو

فطرت کے انوکھے مناظر

1۔ جانوروں کے انوکھے چشم دید واقعات

علاج نبویؐ اور جدید سائنس

1۔ صحت مند عادات نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
2۔ مہلک دوائیں، نبوی دوائیں اور جدید سائنس
3۔ مہلک غذائیں، نبویؐ غذائیں اور جدید سائنس
4۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 1)
5۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 2)
6۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 3)
7۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد 4)
8۔ نباتات قرآنی اور جدید سائنس
9۔ نبویؐ دسترخوان، صحت و تندرستی کے راز اور جدید سائنس
10۔ مہلک عادات، نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
11۔ قدرتی ٹانک اور علاج نبویؐ
12۔ غلطیوں کی اصلاح، نبویؐ طریقے اور جدید سائنس
13۔ شہد کی کرامات
14۔ کلونجی کے کرشمات

نوجوانوں کے مسائل

1۔ ازدواجی مسائل علاج نبویؐ اور جدید سائنس
2۔ نوجوانوں کی جنسی الجھنیں، علاج نبویؐ اور جدید سائنس
3۔ نوجوانوں کے جنسی مسائل، علاج نبویؐ اور جدید سائنس
4۔ جنسی پاکیزگی، نبویؐ علاج و احتیاط اور جدید سائنس
5۔ جوانی کی حفاظت کیسے کی جائے؟
6۔ عشق، اسلام اور جدید سائنس
7۔ جنسی زندگی، اسلام اور جدید سائنس
8۔ مایوس نوجوان ویران جوانی
9۔ جنس، جوانی، اسلام اور جدید سائنس

دیگر زبانوں میں تراجم

1۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد اول)
(انگلش، ہندی، فرنچ، بنگلہ وغیرہ)
2۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد دوئم)
(انگلش، ہندی، فرنچ، بنگلہ وغیرہ)
3۔ دو انمول خزانے (انگلش)
4۔ آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل (انگلش)

متفرقات

1۔ جیل کا جہنم
2۔ رمضان المبارک کے روحانی و جسمانی ٹوٹکے
3۔ حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ
4۔ غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کا تحفظ، انکے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں
5۔ پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک
6۔ مجاہد یا دہشت گرد۔۔۔7۔ رمضان میں روحانی و جسمانی تندرستی
8۔ قدرت کا انعام اور انتقام۔۔۔9۔ حلقہ کشف المحجوب


کچن سے شفاء پانے کے راز

خواتین کے حسن و جمال کے قیمتی راز


عبقری بتائے جڑی بوٹیوں کے کرشمات


معرفت کے متلاشی


دو انمول خزانے کے کرشمات


قدرتی ٹانک اور علاج نبوی ﷺ


قدرت کا انعام اور انتقام


عبقری لایا انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے


تعلیمات نبوی ﷺ اور جدید سائنس

دفتر ماہنامہ "عبقری"

78/3 مرکز روحانیت و امن، عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور
فون: 042-37425801, 0322-4688313
Email: contact@ubqari.org, Website: www.ubqari.org